امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج
المعجم الاوسط
جلد پنجم
تالیف
الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ
مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور
پروگریسو بکس

خوشخبری

مسلک اہلسنت و جماعت کے عقائد و نظریات۔۔۔

بد مذہبوں کے باطلہ عقائد اور ان کے رد۔۔۔

اہلسنت پر کئے جانے والے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل

کتب و رسائل، آڈیو ویڈیو بیانات اور والپیپر حاصل کرنے کے لئے

تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں

https://t.me/tehqiqat

طالب دعا زوہیب حسن عطاری

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

جلد پنجم

المعجم الاوسط

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مُترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المعجم الاوسط

جلد پنجم

تالیف

الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	نومبر 2015ء
پرنٹرز	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	1100/-
ناشر	چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

کتاب الجنائز

کتاب الشہید

كتاب الاضحية

كتاب فضائل القرآن

كتاب التفسير

كتاب الحج

كتاب الجنة والجهنم

کتاب الجہاد

کتاب حرمت الشراب

کتاب النکاح

كتاب الطلاق

کتاب المریض

کتاب الدعاء

كتاب فضائل سيّد الانبياء

کتاب فضائل الصحابة

کتاب مناقب الامۃ

کتاب المواریث

کتاب الرضاع

کتاب الزکوٰۃ والصدقہ

کتاب الذکر

کتاب البر

كتاب اللباس

كتاب الحدود

کتاب الاذان

کتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

☆☆☆☆☆

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

6395 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بۡنُ عَمۡرِو بۡنِ خَالِدٍ، نا اَبِی، نا زُهَيۡرٌ، نا عَاصِمٌ الۡاَحۡوَلُ، عَنۡ عَمۡرِو بۡنِ سَلَمَةَ قَالَ: جَاءَ نَفَرٌ مِنَ الۡحَيِّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعُوهُ يَقُولُ: يَؤُمُّكُمۡ اَكۡثَرُكُمۡ قُرۡآنًا فَقَدَّمُونِی بَيۡنَ اَيۡدِيهِمۡ وَاَنَا غُلَامٌ، فَكُنۡتُ اَؤُمُّهُمۡ فِی بُرۡدَةٍ مَوۡصُولَةٍ، وَكَانَ فِيهَا ضِيقٌ، فَكُنۡتُ اِذَا سَجَدۡتُ خَرَجَتِ اسۡتِی، فَقَالُوا لِاَبِی: اَلَا تُغَطِّی عَنَّا اسۡتَهُ؟ وَكُنۡتُ اُرَغِّبُهُمۡ فِی تَعَلُّمِ الۡقُرۡآنِ . قَالَ زُهَيۡرٌ: فَلَمۡ يَزَلۡ اِمَامَ قَوۡمِهِ فِی الصَّلَاةِ وَعَلَى جَنَائِزِهِمۡ

حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے قبیلے سے ایک گروہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' انہوں نے سنا آپ فرما رہے تھے: تمہاری امامت وہ کرائیں جو زیادہ قرآن پڑھے ہوئے ہوں۔ انہوں نے مجھے آگے کیا جبکہ میری عمر چھوٹی تھی' ایک ہی چادر جو مجھے ملی تھی اسی میں اُن لوگوں کو نماز پڑھاتا تھا وہ تنگ تھی۔ جب میں سجدہ کرتا' میرے سرین ظاہر ہو جاتی' انہوں نے میرے والد سے کہا: کیا آپ اس کی شرمگاہ ہم سے چھپا نہیں لیتے' میں انہیں قرآن کا علم سیکھنے کا شوق دلاتا۔ حضرت زہیر فرماتے ہیں: مسلسل یہ اپنی قوم کے امام رہے' ان کی نمازوں اور نمازِ جنازہ میں بھی۔

لَمۡ يَرۡوِ هَذِهِ الۡاَحَادِيثَ عَنۡ عَاصِمٍ الۡاَحۡوَلِ اِلَّا زُهَيۡرُ بۡنُ مُعَاوِيَةَ

یہ احادیث حضرت عاصم احول سے زہیر بن معاویہ ہی روایت کرنے والے ہیں۔

6396 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بۡنُ عَمۡرٍو، ثنا اَبِی، ثنا حُدَيۡجُ بۡنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا حُصَيۡنٌ، عَنۡ هِلَالِ بۡنِ يَسَافٍ، عَنِ الۡاَغَرِّ، عَنۡ اَبِی هُرَيۡرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: مَنۡ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ نَفَعَتۡهُ يَوۡمًا مِنۡ دَهۡرِهِ، اَصَابَهُ قَبۡلَ ذَلِكَ مَا اَصَابَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے یہ کلمات ادا کیے: لا الٰہ الا اللہ! یہ اسے ایک دن اتنا نفع دیں گے جتنا لمبا زمانہ ہے اس نے پالیا' اس سے پہلے جو پاتا تھا۔

لَمۡ يَرۡوِ هَذَا الۡحَدِيثَ عَنۡ حُصَيۡنٍ اِلَّا حُدَيۡجُ بۡنُ مُعَاوِيَةَ

حضرت حصین سے یہ حدیث صرف حدیج بن معاویہ روایت کرتے ہیں۔

6395- اخرجه البخاری: المغازی جلد **7** صفحه **616** رقم الحديث: **4302**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **157** رقم الحديث: **586**' وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **39** رقم الحديث: **20356** .

6396- اسناده فيه: حديج بن معاوية قال ابن حجر صدوق يخطئ . تخريجه الطبرانی فی الصغير' والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **20** .

6397 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِی، ثَنَا زُهَيْرٌ، نا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ اَبِی الْعُرْيَانِ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَيْسَ فِی الْمُفَصَّلِ سُجُودٌ، فَاَتَيْتُ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَذَكَرْتُ لَهُ مَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: سَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ وَالْمُشْرِكُونَ فِی النَّجْمِ، فَلَمْ نَزَلْ نَسْجُدُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: قرآن کی مفصل سورتوں میں سجدۂ تلاوت نہیں ہے میں حضرت عبیدہ بن عبداللہ بن مسعود کے پاس آیا' ان کے سامنے اس بات کا ذکر کیا جو حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمائی تھی' وہ کہنے لگے: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا: رسول کریم ﷺ نے بھی سجدہ کیا اور مسلمانوں' مشرکوں سب نے سورۂ نجم میں سجدہ کیا۔ سو ہم لگا تار سجدہ کرتے رہے ہیں۔

6398 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا زُبَيْدٌ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی سَفَرٍ، فَعَرَّسْنَا وَنَحْنُ مَعَهُ قَرِيبٌ مِنْ اَلْفِ رَاكِبٍ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ، فَقَامَ اِلَيْهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَفَدَاهُ بِالْاَبِ وَالْاُمِّ، يَقُولُ: مَالَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اِنِّی اسْتَاْذَنْتُ رَبِّی فِی اسْتِغْفَارِهِ لِاُمِّی، فَلَمْ يَاْذَنْ لِی، فَدَمَعَتْ عَيْنَایَ رَحْمَةً لَهَا مِنَ النَّارِ وَاِنِّی كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ: عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا، وَلْيَزِدْكُمْ زِيَارَتُهَا خَيْرًا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْاَضَاحِی بَعْدَ ثَلَاثٍ فَكُلُوا وَاَمْسِكُوا مَا شِئْتُمْ،

حضرت بریدہ اپنے والد سے روایت کر کے فرماتے ہیں: ہم ایک سفر میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے' ہم نے رات گزاری ہم تقریباً ہزار کے قریب سوار تھے' آپ ﷺ نے دو رکعت پڑھی پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے' اس حال میں کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' عرض کرنے لگے: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! کیا بات ہے؟ اے اللہ کے رسول! آپ نے فرمایا: میں نے اپنی والدہ کے لیے اپنے رب سے استغفار کی اجازت مانگی۔ اللہ نے مجھے اجازت نہیں دی۔ سو آگ سے اپنی والدہ کے لیے رحم کھاتے ہوئے میری آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے' میں تمہیں تین چیزوں سے منع کیا کرتا تھا: قبروں کی

6397- أخرجه البخاري: سجود القرآن جلد 2صفحه643-644 رقم الحديث: 1070' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه405 .

6398- أخرجه مسلم: الجنائز جلد 2صفحه672' وأبو داؤد: الأشربة جلد 3صفحه330 رقم الحديث: 3698' والنسائي: الجنائز جلد4صفحه73 (باب زيارة القبور) . ولم يذكروا قصة أمه . والبيهقي في الكبرىٰ جلد 4 صفحه128 رقم الحديث: 7193 واللفظ له .

وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ الْاَشْرِبَةِ فَاشْرَبُوا وَلَا تَشْرَبُوا مُسْكِرًا

زیارت اب زیارت کیا کرو قبروں کی زیارت تمہاری خیر میں اضافہ کرے گی تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے روکا تھا تو اب کھایا کرو اور جتنی دیر چاہو روک کر رکھو میں نے تمہیں مختلف شربت پینے سے منع کیا تھا اب پیا کرو لیکن نشہ دینے والا کوئی شربت نہ پیو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُبَيْدٍ الْيَامِيِّ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

اس حدیث کو زبید الیامی سے صرف زہیر بن معاویہ ہی نے روایت کیا ہے۔

6399 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو ثَنَا اَبِي، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ مُوَرِّقٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ الصَّائِمَ اِذَا جَالَسَ الْقَوْمَ وَهُمْ يَطْعَمُونَ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى يُفْطِرَ الصَّائِمُ

حضرت مورق فرماتے ہیں: میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: روزے دار آدمی جب قوم کے پاس بیٹھتا ہے اس حال میں کہ وہ کھا رہے ہوں تو اللہ کے فرشتے اس پر رحمت کی دعا کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ افطار کرے۔

6400 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، اَنَّ اَبَانَ بْنَ اَبِي عَيَّاشٍ حَدَّثَهُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو فِي دُبُرِ الصَّلَاةِ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ اُولٰئِكَ الْاَرْبَعِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ ہر نماز کے بعد یہ دعا کرتے: اے اللہ! ان چار چیزوں سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔

6401 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، اَنَّ اَبَانَ بْنَ اَبِي عَيَّاشٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي الصِّدِّيقِ النَّاجِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر دن اور رات میں اللہ تعالیٰ کے لیے آگ سے آزاد بندے ہیں ہر مسلمان آدمی کی ایک دعا دن اور رات میں قبول ہوتی ہے۔

6399- اسناده فيه: أبان بن أبى عياش متروك (التقريب والتهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه23 .

6400- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه .

6401- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه152 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلَّهِ عُتَقَاءَ مِنَ النَّارِ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، وَلِكُلِّ مُسْلِمٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ

6402 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، حَدَّثَنِي الْحَجَّاجُ الْبَاهِلِيُّ، ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ حُجَيْرٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: إِنِّي حَلَفْتُ عَدَدَ هَؤُلَاءِ وَأَوْمَأَ إِلَى أَصَابِعِ يَدَيْهِ، وَهِيَ عَشَرَةٌ، أَنْ لَا أَتَّبِعَكَ وَلَا أَتَّبِعَ مَا جِئْتَ بِهِ، فَأَسْأَلُكَ بِاللّٰهِ، مَا دِينُكَ الَّذِي بَعَثَكَ اللّٰهُ بِهِ؟ قَالَ: بَعَثَنِي اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ. قَالَ: وَمَا الْإِسْلَامُ؟ قَالَ: أَنْ تَقُولَ، أَسْلَمْتُ نَفْسِي لِلَّهِ، وَخَلَّيْتُ وَجْهِي إِلَيْهِ، وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ، أَخَوَانِ نَصِيرَانِ، وَأَنْ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْ أَحَدٍ تَوْبَةً أَشْرَكَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ قُلْتُ: مَا حَقُّ أَزْوَاجِنَا عَلَيْنَا؟ قَالَ: أَطْعِمْ إِذَا طَعِمْتَ، وَاكْسُ إِذَا كُسِيتَ، وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْهَ، وَلَا تُقَبِّحْ، وَلَا تَهْجُرْ إِلَّا فِي الْبَيْتِ ثُمَّ قَالَ: هَاهُنَا تُحْشَرُونَ، وَأَوْمَأَ إِلَى الشَّامِ، مُشَاةً وَرُكْبَانًا عَلَى وُجُوهِكُمْ، تَأْتُونَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَعَلَى أَفْوَاهِكُمُ الْفِدَامُ، فَيَكُونُ أَوَّلَ مَا يُعْرِبُ مِنْ أَحَدِكُمْ فَخِذُهُ، تُوفُونَ سَبْعِينَ أُمَّةً، أَنْتُمْ آخِرُهَا وَأَكْرَمُهَا عَلَى اللّٰهِ، وَمَا مِنْ مَوْلًى يَأْتِي مَوْلًى فَيَسْأَلُهُ مِنْ فَضْلٍ عِنْدَهُ فَيَمْنَعُهُ إِلَّا أَتَاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت حکیم بن معاویہ اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: میں نے اتنی تعداد میں حلف اُٹھایا ہے' اپنی انگلیوں کی طرف اشارہ کیا' وہ دس تھیں کہ میں آپ کی پیروی نہیں کروں گا اور نہ ہی اس کی جو آپ لائے ہیں' اللہ کی قسم دے کر میں آپ سے پوچھتا ہوں: جو دین آپ لائے ہیں' وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ نے مجھے اسلام دے کر بھیجا ہے' میں نے عرض کی: اسلام کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ کہ تُو کہے: میں اللہ کے لیے اسلام لایا' میں نے چہرہ اسی کی طرف کرلیا اور یہ کہ تُو نماز قائم کرے' زکوٰۃ ادا کرے اور یہ کہ ایک بار اسلام لانے کے بعد اگر کوئی شرک کرے تو اللہ اس کی توبہ کو کبھی قبول نہ فرمائے گا۔ میں نے عرض کی: ہماری ازواج کے ہم پر کیا حقوق ہیں؟ آپ نے فرمایا: جب تُو کھائے تو اسے بھی کھلائے' تُو پہنے تو اسے بھی پہنائے' اس کے چہرے پر نہ مارے' اس کی بُرائی بیان نہ کرے' گھر کے علاوہ کہیں اسے اکیلا نہ چھوڑے۔ پھر فرمایا: اسی پر تمہارا حشر ہوگا اور شام کی طرف اشارہ فرمایا' تم پیدل ہو گے اور سوار ہو گئے' اللہ تعالیٰ کے پاس منہ کے بل آؤ گے' قیامت کے دن نزولِ

6402- اسناده فيه: محمد بن عمرو بن خالد الحراني لم أجده . تخريجه الطبراني في الكبير' واحمد بنحوه . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه198 .

شُجَاعٌ يَتَلَمَّظُهُ وَإِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَغَسَهُ اللّٰهُ مَالًا وَوَلَدًا، حَتّٰى إِذَا مَضٰى عَصَارٌ وَبَقِيَ عَصَارٌ، فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ، قَالَ لِأَهْلِهِ: أَيُّ رَجُلٍ كُنْتُ لَكُمْ؟ قَالُوا: خَيْرُ رَجُلٍ قَالَ: لَأَنْزِعَنَّ كُلَّ شَيْءٍ أَعْطَيْتُكُمُوهُ أَوْ لَتَفْعَلُنَّ مَا آمُرُكُمْ بِهِ، قَالُوا: فَإِنَّا نَفْعَلُ مَا أَمَرْتَنَا قَالَ: إِذَا أَنَا مِتُّ فَأَلْقُونِي فِي النَّارِ، فَإِذَا كُنْتُ فَحْمًا فَاسْحَقُونِي، ثُمَّ أَذْرُونِي فِي يَوْمِ رِيحٍ، فَدَعَا اللّٰهُ فَجَاءَ كَمَا كَانَ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: مَخَافَتُكَ أَيْ رَبِّ قَالَ: فَتَلَا فِيهِ وَرَبِّي

اجلال فرمائے گا' تمہارے منہ پر مہر ہو گی' تمہارے دیگر اعضاء بولیں گے۔ سب سے پہلا جو عضو کلام کرے گا وہ آدمی کی ران ہو گی' تم ستر اُمتوں کے برابر ہو گے' تم سب سے آخر میں ہو' لیکن اللہ کے نزدیک سب اُمتوں سے زیادہ عزت والے کوئی مولیٰ' مولیٰ بن کر نہ آئے گا۔ سو وہ اس سے اپنا کیا ہوا احسان مانگے گا' وہ روک لے گا مگر قیامت کے دن' اس کے پاس ضرور آئے گا' ایک گنجا سانپ جو اسے نوچے گا۔ ایک آدمی تم سے پہلے لوگوں میں سے تھا' اللہ نے اُسے مال و اولاد سے نوازا تھا' زمانوں پہ زمانے گزرتے رہے' پس اس کی موت کا وقت قریب ہوا تو اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: میں تمہارے لیے کیسا آدمی تھا؟ انہوں نے جواب دیا: اچھا آدمی تھا' جو بھی چیز میں نے تمہیں دی وہ تم سے چھین لوں گا' یا تم وہ کام کرو جو میں تم سے کہوں۔ انہوں نے کہا: جو تُو حکم دے ہم کرنے کو تیار ہیں' اس نے کہا: جب میں مر جاؤں تو تم مجھے جلتی آگ میں ڈال دینا' پس جب میں کوئلہ بن جاؤں تو میری راکھ بنا لینا پھر مجھے آندھی والے دن ہوا میں اُڑا دینا۔ سو اس نے اپنے رب کو بلایا' وہ اپنی شان کے لائق آیا' فرمایا: جو کچھ تُو نے کیا' اس پر تجھے کس چیز نے اُبھارا؟ اس نے عرض کی: اے رب! تیرے خوف نے۔ راوی کا بیان ہے: آپ نے اس میں ''وربی'' کی تلاوت کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ إِلَّا زُهَيْرٌ

محمد بن جحادہ سے اس حدیث کو صرف زہیر نے ہی روایت کیا۔

6403 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا أَبِي، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ، ثنا الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ، وَلَكِنْ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، فَإِذَا ذَهَبَ الْعُلَمَاءُ اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوا، فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَأَضَلُّوا عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ لوگوں سے علم کو چھین نہیں لے گا' لیکن وہ علماء کو موت دینے کے ساتھ علم کو اُٹھائے گا' پس جب علماء چلے جائیں گے تو لوگ جاہلوں کو اپنا سردار بنالیں گے' سو وہ ان سے مسئلے پوچھیں گے وہ بغیر علم کے فتوے دیں گے' سو وہ خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی سیدھے راستے سے گمراہ کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ إِلَّا الْعَلَاءُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ

اس حدیث کو زہری' ابی سلمہ سے' اُن سے صرف علاء بن سلیمان نے روایت کیا۔ دیگر لوگوں نے روایت کیا زہری سے' پھر انہوں نے عروہ سے' انہوں نے حضرت عائشہ سے اور حضرت ابو ہریرہ سے۔

6404 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَفَوْتُ عَنْكُمْ، عَنْ صَدَقَةِ الْخَيْلِ، وَالرَّقِيقِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے گھوڑوں اور غلاموں کا صدقہ معاف کیا' یعنی ان میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ

اس حدیث کو موسیٰ بن عقبہ سے ابن لہیعہ ہی نے روایت کیا۔ اس کے ساتھ عمرو بن خالد حرانی اکیلے ہیں۔

6405 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُجَاهِدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبِي

مالک بن ابراہیم اپنے دادا سے راوی ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ذکرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

6403- اسناده فيه: العلاء بن سليمان الرقي قال ابن عدي' وغيره: منكر الحديث يأتي بتمون وأسانيد لا يتابع عليها (اللسان جلد4صفحه184) . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه204 .

6404- أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد2صفحه103 رقم الحديث:1574' وابن ماجة: الزكاة جلد1صفحه570 رقم الحديث:1790' وأحمد: المسند جلد1صفحه151 رقم الحديث:988 .

6405- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه228 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' وفيه جماعة لم أعرفهم .

زَيْنَبَ الْاَشْجَعِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَالِكِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْاَشْتَرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ذَكَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: اِنَّ يَدَ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، وَالْفَذُّ مَعَ الشَّيْطَانِ، وَاِنَّ الْحَقَّ اَصْلٌ فِي الْجَنَّةِ، وَاِنَّ الْبَاطِلَ اَصْلٌ فِي النَّارِ، اَلَا وَاِنَّ اَصْحَابِي خِيَارُكُمْ، فَاَكْرِمُوهُمْ، ثُمَّ الْقَرْنَ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الْقَرْنَ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَظْهَرُ الْكَذِبُ وَالْهَرْجُ

کیا' پھر ان سے کہا: بے شک اللہ کا ہاتھ (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) جماعت پر ہے' جماعت سے جدا ہونے والا شیطان کے ساتھ ہے۔ اصل میں حق والا ہی جنت میں ہے اور باطل دوزخ میں ہے۔ خبردار! میرے صحابہ تم سب سے بہتر ہیں' تم ان کی عزت کرو' وہ صدی بہتر ہے جوان کے ساتھ ملی ہوئی ہے' پھر وہ صدی جوان کے ساتھ ملی ہوئی ہے' پھر جھوٹ اور قتل ظاہر ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَالِكٍ الْاَشْتَرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث مالک اشتر سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے' اس کے ساتھ عمرو بن خالد اکیلے ہیں۔

6406 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْمُؤَذِّنُ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ عَلَى سُبَاطَةِ قَوْمٍ، ثُمَّ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک قوم کے کوڑے کے ڈھیر پر پیشاب کیا' پھر وضو فرما کر اپنے موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ

محمد بن عجلان سے اس حدیث کو صرف یحییٰ بن راشد نے روایت کیا۔ اس کے ساتھ محمد بن حارث اکیلے ہیں۔

6407 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، ثَنَا عَمِّي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے جبریل سے

6406- أخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 391 رقم الحديث: 224' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 228 .

6407- اسناده فيه: أبو مسلم قائد الأعمش قال البخاري: في حديثه نظر' وقال أبو داؤد: عنده أحاديث موضوعة' وقال ابن حبان: كثير الخطأ فاحش الوهم' ينفرد عن الأعمش وغيره بما لا يتابع عليه (التهذيب' والمجروحين جلد 1 صفحه 239) . وانظر مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 82 .

اَبُو مُسْلِمٍ قَائِدُ الْاَعْمَشِ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَاَلْتُ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، هَلْ تَرَى رَبَّكَ؟ قَالَ: اِنَّ بَيْنِي وَبَيْنَهُ سَبْعِينَ حِجَابًا مِنْ نُورٍ، لَوْ رَاَيْتُ اَدْنَاهَا لَاحْتَرَقْتُ

سوال کیا: کیا تُو نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ اور میرے درمیان ستر نور کے پردے ہیں' اگر میں ان میں سے چھوٹے سے چھوٹے پردے کو بھی دیکھوں تو جل جاؤں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو مُسْلِمٍ

اس حدیث کو اعمش سے ابومسلم نے روایت کیا۔

6408 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ مَوْلَى ابْنِ عَيَّاشٍ حَدَّثَهُ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَتْنِي مِسْكِينَةٌ تَحْمِلُ ابْنَتَيْنِ لَهَا، فَاَطْعَمْتُهَا ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ، فَاَعْطَتِ ابْنَيْهَا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا تَمْرَةً فَاَكَلَاهَا، فَاسْتَطْعَمَهَا ابْنَاهَا، فَشَقَّتِ التَّمْرَةَ الَّتِي كَانَتْ تُرِيدُ اَنْ تَاْكُلَهَا بَيْنَهُمَا . قَالَتْ: فَاَعْجَبَنِي شَاْنُهَا، فَذَكَرْتُ الَّذِي صَنَعَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوْجَبَ لَهَا الْجَنَّةَ، وَاَعْتَقَهَا مِنَ النَّارِ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک غریب عورت میرے پاس آئی' اس کے پاس دو بیٹے تھے (ایک روایت میں بیٹیوں کا لفظ ہے) میں نے اسے تین کھجوریں دیں' اس نے اپنے بیٹوں میں سے ہر ایک کو ایک کھجور دی' سوان دونوں نے دونوں کھجوریں کھالیں اور اپنی ماں سے مزید کا سوال کیا' سواس نے اپنے حصے کی ایک کھجور کے دو ٹکڑے کیے اور ان دونوں میں تقسیم کر دیا' جسے وہ خود کھانا چاہتی تھی۔ آپ فرماتی ہیں: میں اس کا یہ کام دیکھ کر حیران ہوئی۔ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اس کا تذکرہ کیا تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے جنت کو واجب فرما دیا ہے اور دوزخ سے آزاد فرما دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا زِيَادُ بْنُ اَبِي زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

اس حدیث کو عراک بن مالک سے صرف زیاد بن ابی زیاد نے روایت کیا' بکر بن مضر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

6409 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي،

ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ انہوں

6408- أخرجه مسلم: البر جلد4صفحه2027' وأحمد: المسند جلد6صفحه102-103 رقم الحديث: 24665 .

6409- أخرجه البخاري: المناقب جلد6صفحه652 رقم الحديث:3548' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1824 .

ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: نُبِّءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَأْسِ أَرْبَعِينَ سَنَةً، وَأَقَامَ بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِينَ، ثُمَّ قَبَضَهُ اللَّهُ عَلَى رَأْسِ سِتِّينَ سَنَةً، وَمَا فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَيْبَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ إِلَّا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چالیس سال کے بعد نبوت کا اعلان کرنے کی اجازت دی گئی۔ آپ دس سال مکہ میں رہے پھر اللہ تعالیٰ نے ساٹھ سال پورے ہونے پر آپ کو اپنے پاس بلالیا' اس وقت آپ کے سر اور داڑھی میں بیس بال سفید تھے۔

اس حدیث کو عمارہ بن غزیہ سے بکر بن مضر نے روایت کیا۔

6410 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ، ثَنَا أَبِي، نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ امْرَأَتِي لَا تَدْفَعُ يَدَ لَامِسٍ قَالَ: طَلِّقْهَا قَالَ: إِنِّي أُحِبُّهَا، وَهِيَ امْرَأَةٌ جَمِيلَةٌ قَالَ: فَاسْتَمْتِعْ مِنْهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میری بیوی ہاتھ لگانے والے کے ہاتھ کو نہیں ہٹاتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے طلاق دے دے۔ اس نے عرض کی: میں اس سے محبت کرتا ہوں اور میری بیوی خوبصورت ہے۔ آپ نے فرمایا: اس سے تمتع حاصل کر' یعنی فائدہ حاصل کرو۔

اس حدیث کو عبدالکریم سے صرف عبیداللہ بن عمر رقی نے ہی روایت کیا۔

6411 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ، ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَبُّكُمْ: ابْنَ آدَمَ،

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورۂ فاتحہ پڑھی' پھر فرمایا: تمہارے رب نے فرمایا: اے آدم کے بیٹے! میں نے تیرے اوپر سات آیات اتاری ہیں جن میں سے تین میرے لیے اور تین تیرے لیے ہیں اور ایک تیرے اور میرے درمیان

6410- اسناده فيه: محمد بن عمرو بن خالد الحرانی لم أجده . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه338 .

6411- اسناده فيه: سليمان بن أرقم متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه115 .

اَنْزَلْتُ عَلَيْكَ سَبْعَ آيَاتٍ، ثَلَاثٌ لِي، وَثَلَاثٌ لَكَ، وَوَاحِدَةٌ بَيْنِي وَبَيْنَكَ، فَأَمَّا الَّتِي لِي: ﴿الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ﴾، وَالَّتِي بَيْنِي وَبَيْنَكَ: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ﴾ (الفاتحة: 5): مِنْكَ الْعِبَادَةُ وَعَلَيَّ الْعَوْنُ لَكَ، وَأَمَّا الَّتِي لَكَ: ﴿اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ﴾ (الفاتحة: 6) هَذِهِ لَكَ: ﴿صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ﴾ (الفاتحة: 7): الْيَهُودُ، ﴿وَلَا الضَّالِّينَ﴾ (الفاتحة: 7): النَّصَارَى

مشترک ہے سوہ جو میرے لیے ہیں' وہ الحمد للّٰہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالك یوم الدین اور وہ جو تیرے اور میرے درمیان مشترک ہے وہ ایاک نعبد وایاك نستعین ہے' تیری طرف سے عبادت ہے اور میں نے تیری مدد کرنا اپنے اوپر لازم کیا ہے' لیکن وہ جو تیرے لیے ہے وہ اھدنا الصراط ہے' یہ تیرے لیے ہے' ولا الضالین' مغضوب علیھم سے یہود اور ضالین سے عیسائی مراد ہیں۔

6412 - وَبِهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَأَسْقَطَ سُورَةً مِنَ الْقُرْآنِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ أُبَيٌّ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنُسِخَتْ آيَةُ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَإِنَّكَ لَمْ تَقْرَأْهَا قَالَ: أَفَلَا لَقَّنْتَهَا

اسی کے ساتھ کہا: ایک دن رسول کریم ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی' قرآن کی ایک سورت چھوڑ دی' پس جب آپ اپنی نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت اُبی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا فلاں فلاں آیات منسوخ ہوگئیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: آپ نے ان کو پڑھا نہیں! آپ نے فرمایا: تم نے لقمہ کیوں نہیں دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ أَرْقَمَ

امام زہری سے یہ دونوں حدیثیں صرف سلیمان بن ارقم ہی روایت کرتے ہیں۔

6413 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ غَالِبِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جبکہ رسول کریم ﷺ جمعہ کے دن لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے' رسول کریم ﷺ نے اس کے لیے فرمایا: کھڑا ہو اور دو رکعت پڑھ' ان میں اختصار کر۔

6412- اسناده والكلام في اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه72 .

6413- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه473 رقم الحديث: 930' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه597 .

الْجُمُعَةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ فَارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، تَجَوَّزْ فِيهِمَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ غَالِبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

اس حدیث کو حضرت غالب بن عبیداللہ سے محمد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

6414 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا أَبِي، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ رُفَيْعٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَهَلِّلٌ وَجْهُهُ مُسْتَبْشِرًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّكَ عَلَى حَالٍ مَا رَأَيْتُكَ عَلَى مِثْلِهَا قَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي؟ أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ آنِفًا، فَقَالَ: بَشِّرْ أُمَّتَكَ أَنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَاةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَكَفَّرَ عَنْهُ بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ کا چہرۂ مبارک خوشی سے جگمگا رہا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آج آپ ایسی حالت میں ہیں کہ ایسی حالت میں میں نے آپ کو اس سے پہلے نہیں دیکھا؟ آپ نے فرمایا: مجھے کوئی ممانعت نہیں ہے' میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے۔ ابھی عرض کی: آپ کی اُمت کے لیے خوشخبری! جو آپ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے گا' (اللہ عزوجل) اس کے لیے دس نیکیاں لکھے گا اور اس کے دس گناہ معاف کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا زَيْدُ بْنُ رُفَيْعٍ، وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ رُفَيْعٍ: حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو، وَعَنِ الْمَاجِشُونِ: الْوَلِيدُ بْنُ سَلَمَةَ الطَّبَرَانِيُّ

یہ حدیث زہری سے زید بن رفیع اور عبدالعزیز بن ابوسلمہ الماجشون روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں زید بن رفیع اکیلے ہیں' حماد بن عمرو ماجشون' ولید بن سلمہ طبرانی سے روایت کرتے ہیں۔

6415 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

6414- أخرجه النسائي: السهو جلد 3 صفحه 37 (باب فضل التسليم على النبي ﷺ) . والطبراني في الكبير جلد 5 صفحه 100-101 رقم الحديث: 4720-4721 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 164: رواه الطبراني وفي الرواية الأولى محمد بن ابراهيم بن الوليد الطبراني وفي الثانية حماد بن عمرو النصيبي ولم أعرفهما' وبقية رجالهما ثقات . وروى في الصغير والأوسط طرف منه .

6415- أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد 2 صفحه 128 رقم الحديث: 1660' والنسائي: الزكاة جلد 5 صفحه 8 (باب التغليظ في حبس الزكاة) .

الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا اَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ، ثَنَا قَتَادَةُ، ثَنَا اَبُو عُمَرَ الْغُدَانِيُّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَيُّمَا رَجُلٍ كَانَتْ لَهُ اِبِلٌ . . .

نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس آدمی کا اونٹ ہو۔

6416 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبَايَعُوا التَّمْرَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ، وَلَا تَبَايَعُوا الذَّهَبَ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کھجور نہ فروخت کرو اس کے پکنے سے پہلے' اور سونا نہ فروخت کرو مگر برابر برابر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث جابر سے یحییٰ بن ابی انیسہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

6417 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَفْضَلَ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ الْمَفْرُوضَةِ الصَّلَاةُ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، وَاَفْضَلَ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ، شَهْرُ اللّٰهِ الَّذِي تَدْعُونَهُ الْمُحَرَّمَ

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: افضل نماز فرض نماز کے بعد تہجد کی نماز ہے' افضل روزے رمضان کے بعد اللہ کے اس مہینہ کے ہیں جس کو محرم کے نام سے پکارتے ہو۔

6416- اسناده فيه: أ- يحيى بن أبى أنيسة الجزرى . ضعيف . (التقريب) . ب - جابر الجعفى ضعيف رافضى . وأخرجه أيضًا البزار . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه105 .

6417- أخرجه البيهقى فى الكبرىٰ جلد 4صفحه 481 رقم الحديث: 8424' والطبرانى فى الكبير جلد 2صفحه169 رقم الحديث: 1695 . وقال الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه193-194: ورجاله رجال الصحيح .

6418 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ، ثَنَا أَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ أَعْيَنَ، عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ صُهْبَانَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا نَخْرُجُ حُجَّاجًا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا نَبْلُغُ مِنَ الْغَدِ الرَّوْحَاءَ حَتَّى تُبَحَّ حُلُوقُنَا، - يَعْنِي، مِنْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِيَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حج کے لیے نکلے' جب ہم روحاء کے مقام پر پہنچے ہم نے اس مقام پر اونچی آواز میں تلبیہ پڑھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ إِلَّا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، وَلَا عَنْ عُمَرَ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ

یہ حدیث ابوزناد سے عمر بن اصبہان اور عمر سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

6419 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ نَا أَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ أَعْيَنَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اخْتِنَاثِ الْأَسْقِيَةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشکیزے سے منہ لگا کر پینے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ . وَرَوَاهُ غَيْرُهُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، وَكَذَلِكَ رَوَاهُ أَصْحَابُ الزُّهْرِيِّ

یہ حدیث اوزاعی' زہری سے' وہ علاء بن یزید سے اور اوزاعی سے موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ زہری' عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے۔ اسی طرح زہری کے اصحاب روایت کرتے ہیں۔

6420 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ أَعْيَنَ، عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ صُهْبَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت محرم کے بغیر سفر نہ کرے نہ دستانے اور برقعہ پہنے' اگر حالت احرام میں حیض والی ہوگی' وہ اس

6418- اسناده فيه: عمر بن صهبان ضعيف (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه227 .

6419- أخرجه البخاري: الأشربة جلد10صفحه5625' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1600 .

6420- اسناده فيه: عمر بن صهبان ضعيف (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه222 . قلت: وفي الصحيح بعضه .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْتَقِبُ الْمَرْاَةُ الْمُحْرِمَةُ، وَلَا تَلْبَسُ الْقُفَّازَيْنِ، وَلَا الْبُرْقُعَ، فَاِنْ اَرَادَتْ اَنْ تُحْرِمَ وَهِيَ حَائِضٌ فَلْتُحْرِمْ وَلْتَقِفِ الْمَوَاقِفَ، اِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

کے بعد باوجود وہ احرام باندھے رکھے اور تمام ارکان ادا کرے سوائے طوافِ کعبہ اور صفا و مروہ پر سعی کرنے کے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ صُهْبَانَ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث عمر بن صہبان سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

6421 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَنْصُورٍ الْبَجَلِيُّ الْكَشِّيُّ، ثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، نا جَرِيرٌ، عَنْ قَابُوسِ بْنِ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَا بَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيًّا اِلَّا وَهُوَ شَابٌّ، وَلَا اُوتِيَ عَالِمٌ عِلْمًا اِلَّا وَهُوَ شَابٌّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے کوئی نبی بھی بھیجا ہے وہ جوانی کی حالت میں بھیجا ہے، کسی عالم کو علم جوانی میں دیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنْ قَابُوسٍ اِلَّا جَرِيرٌ

یہ حدیث قابوس سے جریر روایت کرتے ہیں۔

6422 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَنْصُورٍ الْبَجَلِيُّ الْكَشِّيُّ، ثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي حَيَّةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اقْضِ بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ، وَقَالَ: يَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ يَوْمُ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس آئے، عرض کی: آپ ایک قسم اور گواہ کے ساتھ فیصلہ کریں اور عرض کیا: بدھ کا دن ہمیشہ سے نحوست والا ہے۔

6421- اسناده فيه: قابوس بن أبي ظبيان الجنبي، ضعفه أحمد، والنسائي، وابن سعد، والدارقطني، وقال ابن حبان: رديء الحفظ ينفرد عن أبيه بما لا أصل له فربما رفع المراسيل، وأسند الموقوف، وأبوه ثقة، وقال ابن عدي: أحاديثه متقاربة وأرجو أنه لا بأس به، وقال ابن حجر: فيه لين (التهذيب، والجرح جلد 7 صفحه 145) . وانظر مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 28 .

6422- اسناده فيه: ابراهيم بن أبي حية اليسع بن الأشعث متروك (اللسان جلد 1 صفحه 52، والميزان جلد 1 صفحه 29) . وانظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 205 .

لَمْ يَقُلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ: نَزَلَ جِبْرِيلُ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي حَيَّةَ، وَلَا يَرْوِي: يَوْمُ الْأَرْبِعَاءِ يَوْمُ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ عَنْ جَعْفَرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي حَيَّةَ

اس حدیث میں نزل جبریل کے الفاظ جعفر بن محمد ابراہیم بن ابی حیہ کے حوالہ سے کہتے ہیں اور ''یوم الاربعاء یوم نحس مستمر'' کے الفاظ جعفر ابراہیم بن ابوحیہ روایت کرتے ہیں۔

6423 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْكَشِّيُّ، نا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا

حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کو پلانے والا آخر میں پیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث ایوب سے حماد بن زید روایت کرتے ہیں اور اس کو روایت کرنے میں قتیبہ بن سعید اکیلے ہیں۔

6424 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْغَنِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعَسَّالُ، ثَنَا أَبِي، ثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّى مِنْ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ذی الحلیفہ کی مسجد سے تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا مُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے مؤمل بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں عبدالغنی بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

6423- أخرجه مسلم: المساجد جلد **1** صفحه **472**، والترمذي: الأشربة جلد **4** صفحه **307** رقم الحديث: **1894**، وابن ماجة: الأشربة جلد **2** صفحه **1135** رقم الحديث: **3434**، والدارمي: الأشربة جلد **2** صفحه **164** رقم الحديث: **2135**.

6424- أخرجه البخاري: الحج جلد **3** صفحه **648** رقم الحديث: **1715**. بلفظ: ......صلى ﷺ بذي الحليفة ركعتين ......ثم بات حتى أصبح فصلى الصبح، ثم ركب راحلته حتى اذا استوت به البيداء أهل بعمرة وحجة.

6425 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْغَنِيِّ، ثَنَا اَبِی، ثَنَا مُؤَمَّلٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَهِيمَةُ عَقْلُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ عَقْلُهَا جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ عَقْلُهُ جُبَارٌ، وَفِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جانور کے مارنے سے مرنے والے کی اور کنویں میں گرنے والے کی دیت نہیں ہے' دفن شدہ خزانہ میں خمس ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا مُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْغَنِیِّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث ابن عون سے مؤمل بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالغنی بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

6426 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْغَنِيِّ، ثَنَا اَبِی، ثَنَا مُؤَمَّلٌ، عَنْ اَبِی اُمَيَّةَ بْنِ يَعْلَى، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى ابْنِ عُمَرَ يُقَالُ لَهُ ابْنُ جُرَيْجٍ، وَكَانَ رَجُلًا مُمَارِيًا، فَقَالَ: يَا اَبَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ رَاَيْتُكَ تَصْنَعُ شَيْئًا لَمْ اَرَ اَحَدًا يَصْنَعُهُ قَالَ: هِيهِ هِيهِ يَا ابْنَ جُرَيْجٍ، لَا تَزَالُ تَأْتِينِی بِآبِدَةٍ قَالَ: رَاَيْتُكَ لَا تُهِلُّ حَتَّى تَسْتَوِیَ بِكَ رَاحِلَتُكَ، وَرَاَيْتُكَ تُحْفِی شَارِبَكَ، وَرَاَيْتُكَ تُحِبُّ الصُّفْرَةَ مِنَ الْخِضَابِ، وَرَاَيْتُكَ تَنْتَعِلُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ؟ قَالَ: اَمَّا اِهْلَالِی حِينَ تَسْتَقِلُّ بِی رَاحِلَتِی، فَاِنِّی رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُهِلُّ حَتَّى تَسْتَقِلَّ بِهِ

ابوامیہ بن یعلیٰ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا' اس کو ابن جریج کہا جاتا تھا' وہ آدمی بڑی گفتگو کرنے والا تھا' اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو کچھ کرتے دیکھا ہے' ایسے کسی کو کرتے نہیں دیکھا ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ابن جریج! بتائیں بتائیں! آپ مقامِ بابدہ میں میرے پاس آتے رہے۔ (میں نے عرض کی:) آپ تلبیہ سواری پر سیدھے ہونے تک پڑھتے رہے' میں نے آپ کو دیکھا' آپ نے مونچھیں کم کروائی ہیں' میں نے آپ کو دیکھا آپ نے زرد رنگ کا خضاب لگایا' میں نے آپ کو دیکھا ہے بالوں والی جوتی پہنے ہوئے۔

6425- أخرجه البخاري: الديات جلد 12 صفحه 267 رقم الحديث: 6913' ومسلم: الحدود جلد 3 صفحه 1334' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 543 رقم الحديث: 9347 بلفظ المصنف ولم يذكر: والمعدن عقله جباره . وأيضًا جلد 2 صفحه 667 رقم الحديث: 10598 ولم يذكر: البئر عقلها جبار .

6426- أخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 321 رقم الحديث: 166' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 844 . ولم يذكرا: ...... ورأيتك تُحفي شَارِبَكَ' وزادا: رأيتك لا تمس من الأكان الا اليمانيين .

رَاحِلَتَهُ، وَاَمَّا اِحْفَائِي شَارِبِي، فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْفِي شَارِبَهُ، وَاَمَّا الصُّفْرَةُ مِنَ الْخِضَابِ، فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الصُّفْرَةَ مِنَ الْخِضَابِ، وَاَمَّا انْتِعَالِي بِالنِّعَالِ السِّبْتِيَّةِ؛ فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّهُنَّ، وَيَتَوَضَّأُ فِيهِنَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جو آپ نے دیکھا کہ میں نے سواری پر سیدھے ہونے تک تلبیہ پڑھا. کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے کرتے ہوئے دیکھا ہے' آپ بھی سواری پر سیدھا ہونے تک تلبیہ پڑھتے تھے' جو آپ نے مجھے مونچھیں کٹواتے دیکھا ہے کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مونچھیں کم کرواتے دیکھا ہے جو زرد رنگ کا خضاب میں نے لگایا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ زرد رنگت کا خضاب پسند کرتے تھے' جو میں نے بالوں والی جوتی استعمال کی ہے' میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے کرتے دیکھا ہے' اس کو پسند کرتے ہوئے اور اس میں وضو کرتے ہوئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا اَبُو اُمَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَالْمَشْهُورُ عِنْدَ النَّاسِ، مِنْ حَدِيثِ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ

یہ حدیث نافع سے ابوامیہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مؤمل بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔ مشہور لوگوں میں یہ ہے کہ یہ حدیث سعید المقبری' عبید بن جریج سے روایت کرتے ہیں۔

6427 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْغَنِيِّ، ثَنَا اَبِي، نا مُؤَمَّلٌ، عَنْ اَبِي اُمَيَّةَ بْنِ يَعْلَى، عَنْ اُمِّ عِيسَى، عَنْ اُمِّ الضِّرَابِ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ اَبِي وَتَرَكَنِي وَاَخَا لِي، وَلَمْ يَدَعْ لَنَا مَالًا، فَقَدِمَ عَمِّي مِنَ الْمَدِينَةِ، فَاَخْرَجَنَا اِلَى عَائِشَةَ، فَاَدْخَلَنِي مَعَهَا فِي الْخِدْرِ، لِاَنِّي كُنْتُ جَارِيَةً، وَلَمْ يُدْخِلِ الْغُلَامَ، فَشَكَى عَمِّي اِلَيْهَا حَاجَتَهُ، فَاَمَرَتْ لَنَا بِفَرِيضَتَيْنِ وَغَزَارَتَيْنِ

حضرت اُم ضراب فرماتی ہیں کہ میرے والد فوت ہو گئے' انہوں نے مجھے اور میرے بھائی کو چھوڑا اس حالت میں کہ ہمارے پاس مال نہیں تھا' میرے چچا مدینہ سے آئے' ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' مجھے حضرت عائشہ نے اپنے ساتھ پردے میں داخل کیا کیونکہ میں چھوٹی بچی تھی' لڑکے کو داخل نہیں کیا' میرے چچا نے آپ سے شکایت کی' ہمارے لیے دو فرض' دو غراز' دو بیٹھنے

6427- اسناده فيه: مؤمل بن عبد الرحمٰن ضعيف' وأبو أمية بن يعلى ضعيف' وفيه جماعة لم أعرفهم .وانظر مجمع الزوائد جلد7صفحه328 .

وَمُعْقَدَيْنِ وَحِسْلٍ . ثُمَّ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ الْوَلَدُ غَيْظًا، وَالْمَطَرُ قَيْظًا، وَيَفِيضُ اللِّئَامُ فَيْضًا، وَيَغِيضُ الْكِرَامُ غَيْضًا، وَيَجْتَرِءُ الصَّغِيرُ عَلَى الْكَبِيرِ، وَاللَّئِيمُ عَلَى الْكَرِيمِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

کی چیزیں اور گوہ کا بچہ جو ابھی انڈے سے نکلا ہوا ہو۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ اولاد سخت ہوگی' بارش کم برسے گی' بُرا اور اچھا بھی سخی ہوگا' چھوٹا بڑے پر بُرا اچھے پر جراُت کرے گا۔

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں مؤمل بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

6428 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْغَنِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثَنَا أَبِي، ثَنَا مُؤَمَّلٌ، ثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الْبُرْهَةَ مِنْ عُمُرِهِ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَإِذَا كَانَ قَبْلَ مَوْتِهِ تَحَوَّلَ فَعَمِلَ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ، وَالرَّجُلُ لَيَعْمَلُ الْبُرْهَةَ مِنْ عُمُرِهِ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، فَإِذَا كَانَ قَبْلَ مَوْتِهِ تَحَوَّلَ فَعَمِلَ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَمَاتَ فَدَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی اپنی ساری عمر جنت والے کام کرتا ہے' موت سے پہلے اس کو جہنم والے عمل کی طرف پھیرا جاتا ہے' وہ مرتا ہے اور جہنم میں داخل ہو جاتا ہے۔ ایک آدمی ساری زندگی جہنم والے عمل کرتا ہے' مرنے سے پہلے جنت والے عمل کرتا ہے' وہ مرتا ہے اور جنت میں داخل ہوتا ہے۔

6429 - وَبِهِ عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ: كَانَ لَهُ أَخٌ يُكْنَى أَبَا عُمَيْرٍ، وَكَانَ لَهُ نُغَرٌ فَمَاتَ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا لِأَبِي عُمَيْرٍ؟ قَالُوا: هَلَكَ نُغَرُهُ، فَجَعَلَ يَقُولُ وَهُوَ يُمَازِحُهُ: أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟ أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا ایک بھائی تھا' اس کی کنیت ابوعمیر تھی' وہ اس سے کھیلتے تھے وہ مر گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے' فرمایا: ابوعمیر کو کیا ہوا ہے؟ گھر والوں نے کہا: اس کے کھیلنے والا پرندہ مر گیا ہے' حضور مزاحاً اس سے کہتے تھے: اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا کا کیا ہوا؟ اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا کا کیا ہوا؟

6428- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه314 رقم الحديث: 13702 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه214: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار والطبراني في الأوسط ورجاله رجال الصحيح .

6429- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه598 رقم الحديث: 6203' ومسلم: الآداب جلد3صفحه1692 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُؤَمَّلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ دونوں حدیثیں مؤمل بن عبدالرحمٰن سے عبدالغنی بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔

6430 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ بَلَالٍ الْاَنْدَلُسِيُّ الْعَامِرِيُّ، ثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، وَاَبُو مُصْعَبٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَا: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اسْتَشَارَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَالِهِ الَّذِي بِثَمْغٍ اَنْ يَتَصَدَّقَ بِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقْ بِمَا تَرَاهُ، وَاحْتَبِسْ اَصْلَهُ، لَا يُبَاعُ، وَلَا يُورَثُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضورﷺ سے مشورہ کیا اپنے مال کے متعلق' اس کو صدقہ کرنے کے لیے۔ حضورﷺ نے فرمایا: جو مال زائد ہو اس کو صدقہ کر دو اور اصل روک لو اس کو نہ فروخت کرو نہ ہبہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن مطلب سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

6431 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَعَنْهُ يَعْقُوبُ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ الْاَخْنَسِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلَ اِبْلِيسُ الْعِرَاقَ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، وَدَخَلَ الشَّامَ فَطَرَدُوهُ حَتَّى بَلَغَ، بَيْسَانَ، وَدَخَلَ مِصْرَ فَبَاضَ فِيهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: ابلیس عراق میں داخل ہوا' وہاں اس نے اپنی ضرورت پوری کی' شام میں داخل ہوا وہاں سے دور کیا گیا' بیسان کے مقام پر پہنچا' مصر داخل ہوا' وہاں اُس نے انڈے دیئے اور بچے نکالے اور خوب پھیلے۔

6430- أصله عند البخاري ومسلم من طريق ابن عون عن نافع عن ابن عمر رضي الله عنهما فذكره . أخرجه البخاري: الوصايا جلد5صفحه468 رقم الحديث: 2772' ومسلم: الوصية جلد3صفحه1255 .

6431- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10صفحه63 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط من رواية يعقوب بن عبد الله بن عتبة بن الأخنس عن ابن عمر ولم يسمع منه ورجاله ثقات .

وَفَرَّخَ وَبَسَطَ عَبْقَرِيَّهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عَقِيلٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَقِيلٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث زہری سے عقیل اور عقیل سے ابن لہیعہ اور یحییٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

6432 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، وَأَبُو مُصْعَبٍ، قَالَا: ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ الْمُسْلِمُونَ أَنْ يُحْصَرُوا بِالْمَدِينَةِ، حَتَّى يَكُونَ أَبْعَدَ مَسَالِحِهِمْ سِلَاحٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قریب ہے مسلمانوں کو مدینہ سے روک لیا جائے' ان کے ہتھیار خانہ سے اسلحہ کو دُور رکھا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

6433 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ بِلَالٍ الْأَنْدَلُسِيُّ، ثَنَا حَرْمَلَةُ، وَأَبُو مُصْعَبٍ، قَالَا ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَصْبَحْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ، صَائِمَتَيْنِ مُتَطَوِّعَتَيْنِ، فَأُهْدِيَتْ لَنَا هَدِيَّةٌ فَاشْتَهَيْنَاهَا، فَأَكَلْنَاهَا، فَدَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَبَدَرَتْنِي حَفْصَةُ، فَكَانَتْ بِنْتُ أَبِيهَا، فَسَأَلَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا عَلَيْكُمَا صُومَا يَوْمًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضرت حفصہ نے نفلی روزہ رکھا ہوا تھا' ہم کو ہدیہ دیا گیا' ہم کو چاہت ہوئی تو ہم نے کھایا' حضور ﷺ ہمارے پاس آئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضرت حفصہ نے مجھ سے جلدی کی پوچھنے کے لیے: آپ کیونکہ بڑے باپ کی بیٹی تھیں' انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' آپ نے فرمایا: کوئی گناہ نہیں ہے' اس کی جگہ روزہ رکھو۔

6432- أخرجه أبو داؤد: الفتن والملاحم جلد4صفحه95 رقم الحديث: 4250 .

6433- تقدم تخريجه .

مَكَانَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

6434 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثَنَا يُوسُفُ بْنُ أَبِي طَيْبَةَ، ثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الطَّوِيلِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الْمُتَسَحِّرِينَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ اور اس کے فرشتے سحری کرنے والوں پر رحمت بھیجتے ہیں۔

ابوعبیدہ بن حذیفہ فرماتے ہیں: عدی بن حاتم کے بارے میں لوگوں سے پوچھا کرتا تھا' جبکہ وہ کوفہ کے پہلو میں رہتے تھے' میں ان کے پاس آیا' میں نے عرض کی: آپ کے حوالے سے جو حدیث مجھے پہنچی ہے وہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی نبوت کا اعلان فرمایا' جب فرمایا: مجھے سخت نفرت تھی یہاں تک کہ میں بھاگ کر شام میں چلا گیا۔ ہم اسی اثناء میں تھے کہ جب ہمیں یہ خبر پہنچی کہ حضرت خالد بن ولید کو ہماری طرف متوجہ کیا گیا ہے۔ میں وہاں سے بھی بھاگ نکلا یہاں تک کہ میں روم پہنچ گیا۔ اسی اثناء میں کہ میں ایک باغ کی دیوار کے سائے میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک میری نظر ایک مسافرہ پر پڑی جو آئی' سو میں اُٹھ کر اس کی طرف گیا' کیا دیکھتا ہوں کہ وہ تو میری اپنی چچی ہے۔ اس نے کہا: اے عدی بن حاتم! تو بھاگ آیا' تو نے مجھے چھوڑ دیا' بس تو وہاں سے نکلا ہی تھا کہ صبح کو حضرت خالد بن ولید ہمارے پاس آ گئے' انہوں نے ہمارے بچوں کو قیدی بنا لیا اور آگے سے لڑائی کرنے والوں کو قتل کر دیا' ہم چل کر مدینے آ گئے' میں اسی عالم میں بیٹھی ہوئی تھی جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے' وہ نماز پڑھنا چاہتے تھے' میں نے عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرا والد ہلاک ہوا! وافد بھاگ گیا' مجھے آزاد فرمایئے! اللہ آپ کو آزادیوں سے

6614- اسناده فيه: عبد اللّٰه بن هشام بن أبي عبد اللّٰه . قال أبو حاتم: متروك . وأخرجه ايضًا أحمد بنحو . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه338 .

بِی، وَهُوَ يُرِيدُ الصَّلَاةَ، فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ، هَلَكَ الْوَالِدُ، وَهَرَبَ الْوَافِدُ، اَعْتِقْنِي اَعْتَقَكَ اللّٰهُ قَالَ: وَمَنْ وَافِدُكِ؟ قُلْتُ: عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: الْهَارِبُ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَمَضَى، وَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ مَرَّ، فَاحْتَشَمْتُ اَنْ اَقُولَ لَهُ شَيْئًا، فَغَمَزَنِي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ، هَلَكَ الْوَالِدُ، وَهَرَبَ الْوَافِدُ، اَعْتِقْنِي، اَعْتَقَكَ اللّٰهُ قَالَ: وَمَنْ وَافِدُكِ؟ قُلْتُ: عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: الْهَارِبُ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعْتَقَكِ، فَاَقِيمِي، وَلَا تَبْرَحِي حَتَّى يَجِيئَنَا شَيْءٌ فَنُجَهِّزُكِ، فَاَقَمْتُ ثَلَاثًا، فَقَدِمَتْ رُفْقَةٌ مِنْ سَرْحٍ تَحْمِلُ الطَّعَامَ، فَحَمَلَنِي عَلَى هَذَا الْقَعُودِ، وَزَوَّدَنِي، يَا عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ ائْتِهِ، ائْتِهِ، فَخُذْ نَصِيبَكَ مِنْهُ قَبْلَ اَنْ يَسْبِقَكَ اِلَيْهِ مَنْ لَيْسَ مِثْلُكَ مِنْ قَوْمِكَ، فَاَقْبَلْتُ حَتَّى اَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَاسْتَشْرَفَنِي النَّاسُ، وَقَالُوا: جَاءَ عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، اَنْتَ الْهَارِبُ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ؟، قُلْتُ: اِنَّ لِي دِينًا قَالَ: اَنَا اَعْلَمُ بِدِينِكَ مِنْكَ، اَلَسْتَ رَكُوسِيًّا، اَوَ لَسْتَ رَئِيسَ قَوْمٍ، اَوَ لَسْتَ تَاْخُذُ الْمِرْبَاعَ؟ فَاَخَذَنِي لِذَلِكَ غَضَاضَةٌ قَالَ: اَمَا اِنَّهُ لَا يَمْنَعُكَ اَنْ تُسْلِمَ اِلَّا اَنَّكَ تَرَى لِمَنْ حَوْلَنَا خَصَاصَةً، وَتَرَى النَّاسَ عَلَيْنَا اِلْبًا وَاحِدًا، يَا عَدِيُّ يُوشِكُ اَنْ تَرَى الظَّعِينَةَ تَخْرُجُ مِنَ الْحِيرَةِ حَتَّى تَاْتِيَ الْبَيْتَ بِغَيْرِ جِوَارٍ، وَيُوشِكُ اَنْ تُفْتَحَ عَلَيْنَا

نوازے۔ آپ نے پوچھا: تیرا وافد کون ہے؟ میں نے عرض کی: عدی بن حاتم! آپ نے فرمایا: کیا وہ اللہ اور اس کے رسول سے بھاگا ہے؟ اور چلے گئے۔ جب دوسرا دن آیا تو آپ میرے پاس سے گزرے‘ آپ نماز پڑھنے کا ارادہ رکھتے تھے‘ میں نے عرض کی: اے محمد ﷺ! والد ہلاک ہو اور وافد بھاگ گیا‘ مجھے آزاد فرمائیے‘ اللہ اس کے بدلے آپ کو کوئی آزادیاں نصیب فرمائے۔ آپ نے وافد کے بارے پھر سوال کیا‘ میں نے عرض کی: عدی بن حاتم! آپ نے فرمایا: کیا وہ اللہ اور اس کے رسول سے بھاگا ہے اور تشریف لے گئے۔ مجھے میری بات کا کوئی جواب نہ دیا۔ جب تیسرا دن آیا‘ آپ گزرے‘ میں آپ سے کوئی بات کہنے سے مرغوب تھی‘ حضرت علی نے آنکھ سے اشارہ کیا‘ میں نے عرض کی: اے محمد! میرا والد ہلاک ہوا اور وافد بھاگ گیا‘ مجھے آزادی عنایت کیجئے! اللہ آپ کو آزاد رکھے۔ آپ نے پھر وافد کے بارے پوچھا تو میں نے عدی بن حاتم بتایا‘ آپ نے فرمایا: وہ اللہ اور اس کے رسول سے بھاگ گیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیونکہ تجھے اللہ نے آزاد پیدا کیا ہے‘ ٹھہر جا اور جلدی نہ کر‘ یہاں تک کہ ہمارے پاس کوئی چیز آ جائے‘ ہم آپ کو کچھ سامان دیں گے۔ میں تین دن ٹھہری رہی‘ سرح سے ایک گروہ کھانا لے کر آیا‘ آپ نے مجھے اس سواری پر سوار کیا‘ مجھے زادِ راہ دیا۔ اے عدی بن حاتم! آؤ‘ آؤ! تم بھی اس سے اپنا حصہ لے لو اس سے پہلے کہ تیری قوم سے کوئی ایسا آدمی پہلے پہنچ کر

كُنُوزُ كِسْرَى قَالَ: قُلْتُ: كِسْرَى بْنُ هُرْمُزٍ؟ قَالَ: كِسْرَى بْنُ هُرْمُزٍ، وَيُوشِكُ أَنْ يُخْرِجَ الرَّجُلُ الصَّدَقَةَ مِنْ مَالِهِ وَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا مِنْهُ قَالَ: فَكُنْتُ فِي أَوَّلِ خَيْلٍ أَغَارَتْ عَلَى كُنُوزِ كِسْرَى، وَرَأَيْتُ الظَّعِينَةَ تَخْرُجُ مِنَ الْحِيرَةِ حَتَّى تَأْتِيَ مَكَّةَ بِغَيْرِ جِوَارٍ، وَايْمُ اللّٰهِ لَتَكُونَنَّ الثَّالِثَةُ، إِنَّ قَوْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ

لے لے جو تیرے برابر کا نہیں ہے۔ میں وہاں سے چل کر مدینہ آیا' سولوگوں نے مجھے دیکھ کر کہا: عدی بن حاتم آ گیا ہے! میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' آپ نے فرمایا: اے عدی بن حاتم! کیا تُو اللہ اور اس کے رسول سے بھاگ نکلا؟ میں نے عرض کی: میں بھی ایک دین پر ہوں۔ آپ نے فرمایا: میں تیرے دن کو تجھ سے زیادہ جانتا ہوں' کیا تُو رکوسی (نصاریٰ جیسے دین والا) نہیں ہے۔ یا فرمایا: کیا تُو قوم کا سردار نہیں؟ کیا تُو چوتھا حصہ مالِ غنیمت نہیں لیتا؟ اس بات کی وجہ سے میرا سر جھک گیا۔ آپ نے فرمایا: کیا تجھے اسلام قبول کرنے سے یہی رکاوٹ ہے کہ ہمارے اردگرد جو لوگ بیٹھے ہیں وہ حاجت مند ہیں' تو لوگوں کو ہمارے خلاف دیکھ رہا ہے' اے عدی! قریب ہے تُو دیکھے گا کہ ایک مسافر عورت حیرہ شہر سے نکل کر بغیر کسی دوسرے آدمی کے اپنے گھر پہنچ جائے گا۔ مجھے امید ہے کہ ہم پر کسریٰ کے خزانے کھول دیئے جائیں۔ میں نے سوال کیا: کسریٰ بن ھرمز؟ فرمایا: ہاں! کسریٰ بن ھرمز! قریب ہے کہ ایک آدمی اپنے مال سے صدقہ نکالے اور ایسا آدمی نہ پائے جو اسے اس سے قبول کرلے۔ راوی کہتا ہے: کنوز کسریٰ پر حملہ آور ہونے والے پہلے لشکر میں' میں تھا اور میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ ایک مسافرہ نے حیرہ سے اپنا سفر شروع کیا اور بغیر کسی مددگار کے مکہ آئی' قسم بخدا! تیسری بات بھی پوری ہوگی کیونکہ اللہ کے رسول کا فرمان سچ اور حق ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هِشَامٌ

اس حدیث کو قتادہ سے ہشام دستوائی نے روایت

الدَّسْتُوَائِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

6615 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، ثنا أَبُو السَّكِينِ الطَّائِيُّ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثنا عَمُّ أَبِي زَحْرُ بْنُ حِصْنٍ، عَنْ جَدِّهِ حُمَيْدِ بْنِ مُنْهِبٍ قَالَ: بَلَغَ مُعَاوِيَةَ أَنَّ ابْنَ الزُّبَيْرِ يَشْتِمُ أَبَا سُفْيَانَ قَالَ: بِئْسَ لَعَمْرِ اللّٰهِ مَا يَقُولُ فِي عَمِّهِ، لَكِنِّي لَا أَقُولُ فِي أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا خَيْرًا، رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، إِنْ كَانَ لَامْرَأً صَالِحًا، خَرَجَ أَبُو سُفْيَانَ إِلَى بَادِيَةٍ لَهُ مُرْدِفًا هِنْدًا، وَخَرَجْتُ أَسِيرُ أَمَامَهَا، وَأَنَا غُلَامٌ عَلَى حِمَارَةٍ لِي، إِذْ لَحِقَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: انْزِلْ يَا مُعَاوِيَةُ حَتَّى يَرْكَبَ مُحَمَّدٌ، فَنَزَلْتُ عَنِ الْحِمَارَةِ، فَرَكِبَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَارَ أَمَامَهُمَا هُنَيْهَةً، ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيْهِمَا، فَقَالَ: يَا أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ، وَيَا هِنْدُ بِنْتَ عُتْبَةَ، وَاللّٰهِ لَتَمُوتُنَّ ثُمَّ لَتُبْعَثُنَّ، ثُمَّ لَيَدْخُلَنَّ الْمُحْسِنُ الْجَنَّةَ، وَالْمُسِيءُ النَّارَ، وَإِنَّ مَا أَقُولُ لَكُمْ حَقٌّ، وَإِنَّكُمْ أَوَّلَ مَنْ أُنْذِرَ ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (حم . تَنْزِيلٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) (فصلت: 2) حَتَّى بَلَغَ (قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ) (فصلت: 11)، فَقَالَ لَهُ أَبُو سُفْيَانَ: أَفَرَغْتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کیا۔ اس حدیث کے ساتھ ان کے بیٹے عبداللہ اکیلے ہیں۔

حضرت حمید بن منہب فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ کو خبر پہنچی کہ ابن زبیر ابوسفیان کو گالیاں دیتا ہے۔ حضرت معاویہ نے فرمایا: بہت بُرا ہے جو اپنے چچا کے متعلق کہتے ہیں' میں تو حضرت ابوعبداللہ کے متعلق بہتر کلمات ہی کہتا ہوں' اللہ کی ان پر رحمت ہو! اگر وہ بیس آدمی تھے۔ حضرت ابوسفیان نکلے ایک دیہات کی طرف' آپ کے پیچھے ہند تھیں' میں اس کے آگے آگے چلتے ہوئے نکلا' میں بچہ تھا' میں اپنی گدھی پر سوار تھا۔ رسول اللہ ﷺ سے ہم ملے' حضرت ابوسفیان نے کہا: اے معاویہ! اُترو! محمد ﷺ کو سوار ہونے دو! میں اپنی گدھی سے نیچے اُترا' رسول اللہ ﷺ سوار ہوئے۔ میں کچھ دیر ان دونوں کے آگے آگے چلتا رہا' پھر حضور ﷺ ان کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے ابوسفیان بن حرب! اے ہند بنت عتبہ! اللہ کی قسم! تم نے ضرور مرنا ہے' پھر تم نے ضرور اُٹھنا ہے' پھر ضرور نیک لوگوں نے جنت میں داخل ہونا اور بُرے لوگوں نے جہنم میں داخل ہونا ہے' میں تمہارے متعلق حق کہتا ہوں' میں تم کو سب سے پہلے ڈرانے والا ہوں۔ پھر حضور ﷺ نے ''حٰم تنزیل من الرحمٰن الرحیم قالتا اتینا طائعین'' تک پڑھی' حضرت ابوسفیان نے عرض کی: اے محمد ﷺ! کیا آپ

6615- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 23 . وقال رواه الطبراني في الأوسط وفيه حميد بن منهب لم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحِمَارَةِ، وَرَكِبْتُهَا، فَاَقْبَلَتْ هِنْدٌ عَلَى اَبِي سُفْيَانَ، فَقَالَتْ: اَلِهٰذَا السَّاحِرِ الْكَذَّابِ اَنْزَلْتَ ابْنِي؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا هُوَ بِسَاحِرٍ وَلَا كَذَّابٍ

فارغ ہو گئے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! حضورﷺ گدھی سے نیچے اُترے میں سوار ہوا' ہند ابوسفیان کی طرف متوجہ ہوئی' اس نے کہا: (معاذ اللہ! معاذ اللہ!) کیا اس جھوٹے جادوگر کی وجہ سے میرے بیٹے کو سواری سے نیچے اُتارا ہے؟ ابوسفیان نے کہا: اللہ کی قسم! یہ نہ جادوگر ہیں نہ جھوٹے ہیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو السَّكِينِ

یہ حدیث حضرت معاویہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابوسکین اکیلے ہیں۔

6616 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ آدَمَ بْنِ اَبِي اِيَاسٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقُرْآنُ اَلْفُ اَلْفِ حَرْفٍ، وَسَبْعَةٌ وَعِشْرُونَ اَلْفِ حَرْفٍ، فَمَنْ قَرَاَهُ صَابِرًا مُحْتَسِبًا كَانَ لَهُ بِكُلِّ حَرْفٍ زَوْجَةٌ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قرآن کے ایک لاکھ ستائیس ہزار حرف ہیں' جو ان کو ثواب اور صبر کی نیت سے پڑھے گا اس کے لیے ہر حرف کے بدلے موٹی آنکھوں والی بیوی ہو گی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ

یہ حدیث حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حفص بن میسرہ اکیلے ہیں۔

6617 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ آدَمَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَقْدِسِيُّ، نا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کو کوئی بھلائی ملے وہ اس کا بدلہ دے' جو

6616- اسناده فيه: محمد بن عبيد بن آدم بن أبي اياس ضعيف' ترجمه الذهبي في الميزان جلد 3 صفحه 639 وقال: تفرد بخبر باطل . وانظر مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 166 .

6617- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 256 رقم الحديث: 4813-4814' والترمذي: البر جلد 4 صفحه 379 رقم الحديث: 2034 بنحوه' وقال: حسن غريب . وأبو نعيم في الحلية جلد 6 صفحه 147 واللفظ له .

عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَبْلَى خَيْرًا فَلْيُجَازِ عَلَيْهِ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْ مَا يُجَازِي عَلَيْهِ فَلْيَشْكُرْهُ، مَنْ فَعَلَ فَقَدْ شَكَرَ، وَمَنْ تَرَكَ فَقَدْ كَفَرَ، وَمَنْ تَحَلَّى بِمَا لَمْ يُعْطِ كَانَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ

بدلہ دینے کے لیے نہ پائے کوئی شی تو اس کا شکریہ ادا کرے، جس نے ایسے کیا' اس نے شکریہ ادا کیا جس نے شکریہ ادا نہیں کیا اس نے نعمت کا انکار کیا۔

6618 - وَبِهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا بِرُّ الْحَجِّ؟ قَالَ: اِطْعَامُ الطَّعَامِ، وَطِيبُ الْكَلَامِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے سوال کیا گیا: کون سی نیکی کا ثواب حج کے برابر ہے؟ فرمایا: کھانا کھلانا اور اچھی گفتگو کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ دونوں حدیثیں اوزاعی سے ایوب بن سوید روایت کرتے ہیں۔

6619 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ آدَمَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَقْدِسِيُّ، نا عَمْرُو بْنُ بَكْرٍ السَّكْسَكِيُّ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدَةَ بْنِ رِيَاحٍ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدَةَ بْنِ رِيَاحٍ، عَنْ مُنِيبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِيِّ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُنِيبٍ قَالَ: تَلَا عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَاْنٍ) (الرحمن: 29)، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا ذَاكَ الشَّاْنُ؟ قَالَ: اَنْ يَغْفِرَ ذَنْبًا، وَيُفَرِّجَ كَرْبًا، وَيَرْفَعَ قَوْمًا، وَيَضَعَ آخَرِينَ

حضرت عبداللہ بن منیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم پر یہ آیت "کلَّ یومٍ هُو فی شانٍ" پڑھی' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! شان سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: گناہ بخشنا' تنگی دور کرنا' ایک قوم کو بلندی دینا اور ایک کو نیچے کرنا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُنِيبٍ الْاَزْدِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ

یہ حدیث عبداللہ بن منیب ازدی سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن محمد

6618- اسناده فيه: محمد بن عبيد بن آدم بن أبي اياس ضعيف .

6619- اسناده فيه: عمرو بن بكر بن تميم السكسكي متروك (التقريب) . وأخرجه أيضًا البزار . وانظر مجمع الزوائد جلد7صفحه120 .

مُحَمَّدٍ الْمَقْدِسِيُّ

المقدسی اکیلے ہیں۔

6620 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ آدَمَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِامْرِءٍ مَا احْتَسَبَ، وَعَلَيْهِ مَا اكْتَسَبَ، وَكُلُّ امْرِءٍ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر آدمی کے لیے وہی ہے جو ثواب حاصل کیا اور وہی گناہ ہے جو اس نے کمایا' ہر آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَقْدِسِيُّ

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن محمد المقدسی اکیلے ہیں۔

6621 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ كَرِيمَةَ بِنْتِ الْحَسْحَاسِ، قَالَتْ: حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ فِي بَيْتِ هَذِهِ، يَعْنِي: أُمَّ الدَّرْدَاءِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللَّهُ: أَنَا مَعَ عَبْدِي مَا ذَكَرَنِي، وَتَحَرَّكَتْ بِي شَفَتَاهُ

حضرت اُم الدرداء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے پاس ہی ہوتا ہوں' جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اور میرے ذکر سے اس کے ہونٹ حرکت کر رہے ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُهَاجِرٍ إِلَّا أَبُو تَوْبَةَ

یہ حدیث محمد بن مہاجر سے ابوتوبہ روایت کرتے ہیں۔

6620- اسناده فيه: عمرو بن بكر متروك (التقريب) . وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد10 صفحه284 .

6621- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد 2صفحه1255 رقم الحديث: 3822' وأحمد: المسند جلد 2صفحه337 رقم الحديث: 7440 .

6622 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ احْتَجَمَ صَبِيحَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ، كَانَ لَهُ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے چاند کی سترہ کی صبح کو پچھنا لگوایا' اس کے لیے ہر بیماری سے شفاء ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو تَوْبَةَ

یہ حدیث سہیل بن ابوصالح سے سعید بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوتوبہ اکیلے ہیں۔

6623 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثَنَا اَبُو تَوْبَةَ، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّحِمُ شُجْنَةٌ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ، وَلَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِءِ، وَلَكِنَّ الْوَاصِلَ مَنْ اِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رشتے دارعرش کے ساتھ معلق ہیں' بدلہ دینے والا جوڑنے والا نہیں بلکہ جوڑنے والا وہ ہے جو جوڑے جب رشتہ داری توڑی جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فِطْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو تَوْبَةَ وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

یہ حدیث فطر ابوالطفیل سے اور فطر سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوتوبہ اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو ثوری اور ان کے علاوہ فطر سے' مجاہد سے' وہ عبداللہ بن عمرو سے روایت کرتے ہیں۔

6624 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ، نا اَبُو

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

6622- اخرجه ابو داؤد: الطب جلد4صفحه4 رقم الحديث: **3861**' والبيهقي في الكبرى جلد **9**صفحه**572** رقم الحديث: **19535**' والحاكم في المستدرك جلد **4**صفحه**210** وقال: صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه . ووافقه الذهبي .

6623- أما قوله ﷺ: الرحم شجنة . أخرجه الترمذي: البر جلد4صفحه**324** رقم الحديث: **1924** . وقال: حسن صحيح . وأما شطره الآخر . أخرجه البخاري: الأدب جلد**10**صفحه**437** رقم الحديث: **5991** .

6624- اسناده فيه: مسلمة بن علي الخشني ابو سعيد الدمشقي متروك' ضعفه ووهاه غير واحد وقال النسائي'

تَوْبَةَ، نا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلِاثْنَانِ فَمَا فَوْقَهُمَا جَمَاعَةٌ

حضور ﷺ نے فرمایا: دو سے اوپر ہوں تو ان کو جماعت کہا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا مَسْلَمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو تَوْبَةَ

یہ حدیث یحییٰ بن حارث سے مسلمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوتوبہ اکیلے ہیں۔

6625 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثَنَا اَبُو تَوْبَةَ، ثَنَا بَشِيرُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دُرَيْكٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُنْيَةٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَّهَ سَرِيَّةً، فَوَدَّعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي رَجُلٌ كَانَ يُرْكَبُ عَلَى رَحْلٍ: لَسْتُ اَخْرُجُ اَوْ تَجْعَلَ لِي ثَلَاثَةَ دَنَانِيرَ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَعُودَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا وَدَّعْتُهُ، فَجَعَلْتُهَا، فَلَمَّا قَضَيْتُ غَزَاتِي اَخْبَرْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَعْطِهَا اِيَّاهُ، هِيَ حَظُّهُ مِنْ غَزَاتِهِ فِي دُنْيَاهُ وَآخِرَتِهِ

حضرت یعلیٰ بن منبہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک سریہ کو بھیجا' رسول اللہ ﷺ نے اس کو الوداع کیا' مجھے ایک آدمی نے کہا جو سواری پر سوار تھا: میں نہیں نکلوں گا' یا یہاں تک کہ مجھے تین دنانیر دیئے جائیں' میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف لوٹنے کو ناپسند کیا' الوداع کرنے کے بعد میں نے ایسے کیا' میں نے جہاد مکمل کیا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: اس کو دے دو! یہ جہاد سے اس کا حصہ ہے دنیا و آخرت میں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ يَعْلَى بْنِ مُنْيَةٍ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ بَشِيرِ بْنِ طَلْحَةَ

یہ حدیث یعلیٰ بن منبہ سے بشیر بن طلحہ روایت کرتے ہیں۔

6626 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِصْنِ بْنِ خَالِدٍ الْاُوَيْسِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثَنَا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عِمْرَانَ الْخَيَّاطِ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وتر قرآن کے ماننے والوں پر ضروری ہیں۔

والدارقطنی: متروك (التقريب والتهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه48 .

6625- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد3صفحه16 رقم الحديث: 2527' وأحمد: المسند جلد4صفحه273 رقم الحديث: 17980 بنحوه . والبيهقي في الكبرىٰ جلد9صفحه50 رقم الحديث: 17847 واللفظ له .

6626- اسناده فيه: محمد بن حصين بن خالد الأويسي لم أجده . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه243 .

عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوِتْرُ عَلَى اَهْلِ الْقُرْآنِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ مُسْنَدًا عَنْ عِمْرَانَ الْخَيَّاطِ اِلَّا ابْنُ عَوْنٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا اَزْهَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى صَفْوَانَ

یہ حدیث منداً عمران الخیاط سے ابن عون اور ابن عون سے ازہر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوصفوان اکیلے ہیں۔

6627 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرِ بْنِ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، ثَنَا عُبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، حَدَّثَنِى اَبِى، عَنْ جَدِّى، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا خَابَ مَنِ اسْتَخَارَ، وَلَا نَدِمَ مَنِ اسْتَشَارَ، وَلَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: استخارہ کرنے والا کبھی نقصان نہیں اُٹھاتا اور مشورہ کرنے والا ندامت نہیں اُٹھاتا' میانہ روی کرنے والا تنگ دست نہیں ہوتا ہے۔

6628 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، حَدَّثَنِى اَبِى، عَنْ جَدِّى، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا نَاْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ حَتّٰى نَعْمَلَ بِهِ، وَلَا نَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰى نَجْتَنِبَهُ كُلَّهُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ مُرُوا بِالْمَعْرُوفِ، وَاِنْ لَمْ تَعْمَلُوا بِهِ كُلِّهِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نیکی کا حکم نہیں دیں گے یہاں تک کہ خود عمل نہ کریں اور بُرائی سے منع نہیں کریں گے یہاں تک کہ ہم کُل برائیوں سے نہ بچیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ تم نیکی کا حکم کرو' اگرچہ ساری نیکیاں تم نہیں کرتے ہو' بُرائی سے روکو! اگرچہ تم ساری برائیوں سے نہیں رُکتے۔

6627- اسناده فيه: عبد القدوس بن حبيب الكلاعى متروك . (اللسان جلد 4 صفحه 45' والميزان جلد 2 صفحه 643) وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 283 .

6628- اسناده فيه: عبد القدوس بن حبيب متروك . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 280 .

وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ، وَإِنْ لَمْ تَجْتَنِبُوهُ كُلَّهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ دونوں حدیثیں حسن سے عبدالقدوس بن حبیب روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں اُن سے اُن کے بیٹے اکیلے ہیں۔

6629 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو عَامِرٍ النَّحْوِيُّ الصُّورِيُّ، نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ بِنْتِ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيهَا مَعْقِلٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ وَلِيَ أُمَّةً مِنْ أُمَّتِي، قَلَّتْ أَوْ كَثُرَتْ، فَلَمْ يَعْدِلْ فِيهِمْ، كَبَّهُ اللَّهُ عَلَى وَجْهِهِ فِي النَّارِ

حضرت بنت معقل بن یسار اپنے والد معقل سے روایت کرتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی میری اُمت کے کسی کام کا ولی بنا، تھوڑا یا زیادہ کا، ان میں عدل نہیں کیا تو اللہ عزوجل اس کو واندھے منہ جہنم میں ڈالے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامٌ

اس حدیث کو عمار دھنی سے صرف عبدالعزیز بن حصین ہی روایت کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہشام اکیلے ہیں۔

6630 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو عَامِرٍ النَّحْوِيُّ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، نا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ فَجَاءَ مَعَ الرَّسُولِ فَهُوَ إِذْنُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو دعوت دی جائے تو اس کے ساتھ اس کا نمائندہ بھی آ جائے، اس کو اجازت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسٍ، مُجَوَّدًا، إِلَّا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ

یہ حدیث قتادہ خلاس عمدہ طور پر روایت کرتے ہیں۔ قتادہ سے شعیب بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔

6629- اسناده فيه: عبد العزيز بن الحصين بن الترجماني ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه216 .

6630- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه350 رقم الحديث: 5190، وأحمد: المسند جلد 2صفحه698 رقم الحديث: 10902 .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ

اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

6631 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثَنَا عِمْرَانُ بْنُ هَارُونَ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعِلْمُ فِي قُرَيْشٍ، وَالْاَمَانَةُ فِي الْاَزْدِ

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء الزبیدی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: علم قریش میں ہے اور امانت قبیلہ ازد میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن حارث سے یزید بن ابوحبیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

6632 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ اَبُو عَامِرٍ النَّحْوِيُّ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، نا هَاشِمُ بْنُ اَبِي هُرَيْرَةَ الْحِمْصِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُتِمُّ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، وَيُخَفِّفُ الْقِيَامَ وَالْقُعُودَ فِي الصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رکوع و سجود مکمل کرتے، قیام اور قعود مختصر کرتے نماز میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا هَاشِمُ بْنُ اَبِي هُرَيْرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ہاشم بن ابوہریرہ سے، اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

6633 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، نا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

6631- اسناده فيه: ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط بآخره . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه28 .

6633- أصله عند البخاری ومسلم بلفظ: من جر ثوبه خيلاء لم ينظر الله اليه يوم القيامة . أخرجه البخاری: اللباس جلد10صفحه266 رقم الحديث: 5784، ومسلم: اللباس جلد3صفحه1652 . وأما لفظ المصنف فذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد5صفحه136 وقال: وفيه موسیٰ بن عيسیٰ الدمشقی قال الذهبی: مجهول، وبقية رجاله رجال الصحيح .

سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، نا مُوسَى بْنُ عِيسَى الْقُرَشِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَحَبَ ثِيَابَهُ لَمْ يَنْظُرِ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنا کپڑا لٹکاتا ہے اللہ عزوجل اس کی طرف قیامت کے دن نظر رحمت نہیں کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ إِلَّا مُوسَى بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث عطاء خراسانی سے موسیٰ بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

6634 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو عَامِرٍ، نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا أَبُو الْمُهَزِّمِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللَّهُ: عَبْدِي الْمُؤْمِنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ بَعْضِ مَلَائِكَتِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ فرماتا ہے کہ مجھے مؤمن بندہ زیادہ پسند ہیں بعض فرشتوں سے۔

6635 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا أَبُو الْمُهَزِّمِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ النَّارَ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ السَّوَّاطُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے جہنم میں اس اُمت سے جو داخل ہوگا' وہ کوڑا رکھنے والا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا هِشَامٌ

یہ دونوں حدیثیں حماد بن سلمہ سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ہشام اکیلے ہیں۔

6636 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ الرَّقِّيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مجھ پر کوئی ایسا دن آئے کہ اس دن علم

6634- اسناده فيه: أبو المهزم متروك (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه85 .

6636- اسناده فيه: الحكم بن عبد الله بن سعد الأيلي' قال ابن معين: لا شيء' وقال أبو حاتم: ذاهب الحديث متروك لا يكتب حديثه كان يكذب . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه139 .

الْوَلِيدِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَتَى عَلَيَّ يَوْمٌ لَا أَزْدَادُ فِيهِ عِلْمًا، فَلَا بُورِكَ فِي طُلُوعِ شَمْسِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

میں اضافہ نہ ہوتو اس دن کے سورج طلوع ہونے میں برکت نہ دی جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَيْلِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث زہری سے حکم بن عبداللہ الایلی روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6637 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، نا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِيدَانَ قَالَ: كُنْتُ مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ بِعَرَفَةَ، فَصَلَّى عُثْمَانُ الظُّهْرَ أَرْبَعًا، وَالْعَصْرَ أَرْبَعًا، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: هَا هُنَا صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَمَا صَلَّوْا إِلَّا رَكْعَتَيْنِ قُلْتُ: أَفَلَا تَقُومُ إِلَيْهِ؟ قَالَ: اسْكُتْ فَإِنَّ الْخِلَافَ شَرٌّ

حضرت عبداللہ بن سیدان فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا عرفات میں۔ حضرت عثمان نے چار رکعت نماز پڑھائی ظہر اور عصر کی۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس مقام پر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ دو رکعتیں ہی پڑھی ہیں۔ میں نے کہا: آپ اس کی طرف کھڑے نہیں ہوئے ہیں؟ آپ نے فرمایا: خاموش ہو جاؤ! کیونکہ اختلاف شر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِيدَانَ إِلَّا مَيْمُونُ بْنُ مِهْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ

یہ حدیث عبداللہ بن سیدان سے میمون بن مہران روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جعفر بن برقان اکیلے ہیں۔

6638 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الرُّوَاسِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي

حضرت ابن ابواوفی فرماتے ہیں کہ کہا گیا: آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لخت جگر حضرت ابراہیم کو دیکھا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! وہ بہت چھوٹے تھے اور

6637- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد2صفحه205 رقم الحديث: 1960 .

6638- اسناده فيه: محمد بن جعفر بن سفيان الرقي لم أجده . قلت: والحديث في الصحيح خلا تشبهه به .

اَوْفَى قَالَ: قِيلَ لَهُ: هَلْ رَأَيْتَ إِبْرَاهِيمَ ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، مَاتَ وَهُوَ صَغِيرٌ، اَشْبَهُ النَّاسِ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ قُضِيَ اَنْ يَكُونَ بَعْدَهُ نَبِيٌّ لَعَاشَ ابْنُهُ إِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہت مشابہ تھے' اگر یہ لکھا ہوتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہونا ہے تو آپ کے بیٹے ابراہیم کو زندہ رکھا جاتا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حُمَيْدٍ الرُّوَاسِيِّ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

یہ حدیث ابراہیم بن حمید الرواسی سے عبید بن جناد روایت کرتے ہیں۔

6639 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ بَزِيعِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَفَرُ الْمَرْاَةِ مَعَ خَادِمِهَا ضَيْعَةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورت کا اپنے خادم کے ساتھ سفر کرنا کمزوری ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا بَزِيعُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث نافع سے بزیع بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

6640 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ، ثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنِ ابْنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رِفَاعَةَ الْبَجَلِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ آمَنَ رَجُلًا عَلَى دَمِهِ، فَقَتَلَهُ، فَاَنَا بَرِيءٌ مِنَ الْقَاتِلِ، وَاِنْ كَانَ الْمَقْتُولُ

حضرت عمرو بن عمیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی آدمی کو اس کے خون کا امن دیا' اس کے بعد اس کو قتل کیا' میں قاتل سے بری ہوں' اگرچہ مقتول کافر ہی کیوں نہ ہو۔

6639- اسناده فيه: بزيع بن عبد الرحمٰن قال أبو حاتم: ضعيف الحديث . وأخرجه أيضًا البزار . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه217 .

6640- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد 9صفحه24 وقال: غريب من حديث الثوري تفرد به: أبو عبيد عن عبد الرحمٰن بن مهدى . وقال الهيثمي في المجمع جلد6صفحه288: رواه الطبراني بأسانيد كثيرة وأحدها رجاله ثقات .

كَافِرًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ السُّدِّيِّ، إِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

یہ حدیث ابن سدی سے عطاء بن مسلم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیدہ بن جنادا کیلے ہیں۔

6641 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ الرَّقِّيُّ، نَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَمَّارٍ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، وَابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولَانِ: سَمِعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ حَافَظَ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ فِي جَمَاعَةٍ، كَانَ أَوَّلَ مَنْ يَجُوزُ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ اللَّامِعِ، وَحَشَرَهُ اللَّهُ فِي أَوَّلِ زُمْرَةٍ مِنَ التَّابِعِينَ، وَكَانَ لَهُ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ كَأَجْرِ أَلْفِ شَهِيدٍ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

حضرت ابوہریرہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے پانچ فرض نمازیں باجماعت پڑھیں' وہ سب سے پہلے پل صراط سے ایسے گزرے گا جس طرح چمکتی ہوئی بجلی گزرتی ہے' اللہ عزوجل اس کو تابعین کے گروہ میں اُٹھائے گا' ہر دن اس کے لیے ان ایک ہزار شہداء کا ثواب لکھا جائے گا جو اللہ کی راہ میں شہید ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ إِلَّا عَمَّارٌ أَبُو إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ

یہ حدیث موسیٰ بن ابوعائشہ سے عمار ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

6642 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، نَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ لِي عَلِيٌّ: يَا أُسَامَةُ، مَا لَكَ لَا تَخْرُجُ مَعَنَا، إِنَّمَا أَنْتَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ؟ قَالَ: قُلْتُ: صَدَقْتَ مَا مِنْ أَحَدٍ أَحَقُّ أَنْ أَخْرُجَ مَعَهُ مِنْكَ، وَلَكِنِّي وَاللَّهِ لَا أُقَاتِلُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اسامہ! کیا آپ ہمارے ساتھ نہیں نکلیں گے' آپ تو اہل بیت میں سے ایک آدمی ہیں؟ میں نے عرض کی: آپ نے سچ کہا' آپ کے ساتھ نکلنے کے لیے مجھ سے زیادہ کوئی حق دار نہیں ہے لیکن میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے بعد

6641- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 52 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه بقية بن الوليد' وهو مدلس' وقد عنعنه .

الْمُصَلِّينَ بَعْدَ قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلا تَرَكْتَهُ، اَوْ شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهِ، فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ؟

نمازیوں سے نہیں لڑوں گا' کیا آپ چھوڑ دیں گے یا آپ ان کے دل چیریں گے کہ میں ان کو دیکھوں؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے سعید بن زید اور سعید سے عطاء بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن جنادہ اکیلے ہیں۔

6643 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُلْثُومٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَحَاضَةُ تَغْتَسِلُ مِنْ قُرْءٍ اِلَى قُرْءٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: استحاضہ والی عورت ایک حیض سے دوسرے حیض کے وقت غسل کرے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا سَلَمَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، وَلَا عَنْ سَلَمَةَ اِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

یہ حدیث اوزاعی سے سلمہ بن کلثوم اور سلمہ سے بقیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن جنادہ اکیلے ہیں۔

6644 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ جُنَادَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَشَى فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ آتَاهُ اللّٰهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اندھیروں میں چل کر مسجدوں کی طرف آتے ہیں' اللہ عزوجل قیامت کے دن ان کو نور دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا جُنَادَةُ،

یہ حدیث مکحول سے جنادہ روایت کرتے ہیں۔ اس

6643- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 284 وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط وفيه بقية بن الوليد، وهو مدلس .

6644- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 33 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه جنادة بن أبي خالد ولم أجد من ترجمه، وبقية رجاله ثقات .

تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدُ بْنُ اَبِی اُنَيْسَةَ

کو روایت کرنے میں زید بن ابی انیسہ اکیلے ہیں۔

6645 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکری کی دستی کھائی' پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا عَنْ اِسْحَاقَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث زہری سے اسحاق بن راشد اور اسحاق سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

6646 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، نا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حِبَّانَ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَوَحَّشَ بِهِ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ اَصْحَابِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَا اَلْبَسُ اَبَدًا، فَوَحَّشَ النَّاسُ بِخَوَاتِيمِهِمْ، ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، كَانَ يَخْتِمُ بِهِ الصُّحُفَ، حَتَّى وَقَعَ فِي بِئْرِ اَرِيسٍ، فَهَلَكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگوٹھی مبارک سونے کی تھی' صحابہ کرام بھی اس کو بنانے لگے' پھر آپ نے فرمایا: میں اس کو نہیں پہنوں گا۔ صحابہ کرام نے چھوڑ دیا' پھر آپ نے چاندی کی انگوٹھی بنائی' اس کے ذریعے خط پر مہر لگاتے' جب آپ بیئر اریس میں داخل ہوئے تو وہ وہاں گر گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِی لَيْلَى اِلَّا زَيْدُ بْنُ حِبَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے زید بن حیان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معمر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

6647 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثَنَا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: چار حصہ عشر لاؤ! جب دوسو

6645- أخرجه البخاري: الوضوء جلد **1** صفحه **371** رقم الحديث: **207**' ومسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **273** .

6646- أخرجه البخاري: اللباس جلد **10** صفحه **330** رقم الحديث: **5866**' ومسلم: اللباس جلد **3** صفحه **1656** .

6647- أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد **2** صفحه **101-102** رقم الحديث: **1572**' والدارقطني: سننه جلد **2** صفحه **92** رقم الحديث: **3** .

بْنِ حِبَّانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَاتُوا رُبْعَ الْعُشُورِ، إِذَا بَلَغَتْ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ فَفِيهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ

درہم ہوں تو پانچ درہم ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ إِلَّا زَيْدُ بْنُ حِبَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث عاصم بن ابی نجود سے زید بن حبان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معمر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

6648 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حِبَّانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ عَلَى مَا دُونَ خَمْسَ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ عَلَى مَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے' پانچ سے کم وسق میں زکوٰۃ نہیں ہے' پانچ سے کم اوقیہ میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ حَبَّانَ إِلَّا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث زید بن حبان سے معمر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

6649 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، نا فُهَيْرُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ قَوْمٌ يَكُونُ عِنْدَهُمْ كَلْبٌ، إِلَّا كَلْبُ صَيْدٍ، وَزَعَمَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَوْ كَلْبُ حَرْثٍ، إِلَّا وَهُوَ يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ كُلَّ لَيْلَةٍ قِيرَاطَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ قوم شوقیہ کتا نہ رکھے سوائے شکار کے لیے کتا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کھیتی کی حفاظت کے لیے' اس کے علاوہ رکھنے والے کے لیے اس کے ثواب میں ہر روز دو قیراط کمی کی جائے گی۔

6648- أخرجه البخاری: الزكاة جلد3صفحه318 رقم الحديث: 1405' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه673 .

6649- أصله عند البخاری ومسلم . أخرجه البخاری: الذبائح جلد 9صفحه523 رقم الحديث: 5481' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1202 .

6650 - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُجْزِى وَلَدٌ وَالِدَهُ، اِلَّا اَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا، فَيَشْتَرِيَهُ، فَيُعْتِقَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اولاد اپنے والدین کا حق ادا نہیں کرسکتی' ہاں ایک صورت ہے کہ وہ اپنے والدین کو غلام پائیں تو اس کو وہ خریدیں' اس کے بعد اس کو آزاد کردیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا فُهَيْرٌ

یہ دونوں حدیثیں ابن جریج سے فہیر روایت کرتے ہیں۔

6651 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِی اُنَيْسَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رُبَّمَا رُحْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی يَوْمِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى، فَلَمْ يَكُنْ يُصَلِّی قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں بسا اوقات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہوتا تھا' عیدالفطر والضحیٰ کے دن آپ نماز سے پہلے اور بعد میں کوئی نماز نہیں پڑھتے تھے۔

6652 - وَبِهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِی اُنَيْسَةَ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: لَقَدْ لَقِيتُ عَمِّی وَمَعَهُ الرَّايَةُ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ اَعْرَسَ بِامْرَاَةِ اَبِيهِ، فَاَمَرَنِی اَنْ اَقْتُلَهُ، وَآخُذَ مَالَهُ

حضرت براء بن عازب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا' ان کے پاس جھنڈا تھا' میں نے کہا: آپ کا ارادہ کہاں کا ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے آدمی کی طرف بھیجا ہے جس نے اپنے بھائی کی بیوی سے شادی کی ہے' مجھے اس کے قتل کرنے اور اس کا مال لینے کا حکم دیا ہے۔

6650- أخرجه مسلم: العتق جلد2صفحه1148' وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه337 رقم الحديث: 5137' والترمذی: البر جلد4صفحه315 رقم الحديث: 1906 .

6651- أخرجه الترمذی: الصلاة جلد 2صفحه418 رقم الحديث: 538 وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد2 صفحه79 رقم الحديث: 5211 بنحوه .

6652- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4صفحه155 رقم الحديث: 4457' والنسائی: النكاح جلد6صفحه90 (باب نكاح ما نكح الآباء)' وابن ماجة: الحدود جلد2صفحه869 رقم الحديث: 2607 .

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ دونوں حدیثیں زید سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

6653 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَذِنَ اللّٰهُ إِذْنَهُ لِنَبِيٍّ أَنْ يَتَغَنَّى بِالْقُرْآنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اپنے نبی کو اچھی آواز میں قرآن پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

6654 - وَبِهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، ثُمَّ يَقُولُ قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا، وَفُلَانًا، ثُمَّ يُكَبِّرُ، فَيَسْجُدُ، حَتَّى أَنْزَلَ اللّٰهُ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ) (آل عمران: 128) الْآيَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سمع اللہ لمن حمدہٗ ربنا لک الحمد پڑھتے تھے' پھر سجدہ سے پہلے پڑھتے: اے اللہ! فلاں اور فلاں پر لعنت کر! پھر اللہ اکبر کہتے اور سجدہ کرتے یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لیس لك من الامر شیءٌ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، إِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ دونوں حدیثیں اسحاق بن راشد سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

6655 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ الرَّقِّيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ، ثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رِفَاعَةَ الْبَجَلِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی آدمی کو اس کے خون کا امن دیا' اس کے بعد اس کو قتل کیا' میں قاتل سے بری ہوں' اگرچہ مقتول کافر ہی

6653- أخرجه البخاری: فضائل الصحابة جلد 8 صفحه 686 رقم الحديث: 5024' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 545 .

6654- أخرجه البخاری: التفسير جلد 8 صفحه 73 رقم الحديث: 4559' والنسائی: التطبيق جلد 2 صفحه 160 (باب لعن المنافقين فی القنوت) .

6655- تقدم تخريجه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَمِنَهُ رَجُلٌ عَلَى دَمِهِ، فَقَتَلَهُ، فَاَنَا بَرِیءٌ مِنَ الْقَاتِلِ، وَاِنْ كَانَ الْمَقْتُولُ كَافِرًا

کیوں نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ السُّدِّيِّ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

یہ حدیث ابن سدی سے عطاء بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن جناد روایت کرتے ہیں۔

6656 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَمَّارٍ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي عَائِشَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، وَابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولَانِ: اِنَّهُمَا سَمِعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آخِرِ خُطْبَتِهِ يَقُولُ: اِنَّ مَنْ حَافَظَ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ فِي جَمَاعَةٍ، كَانَ اَوَّلَ مَنْ يَجُوزُ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ اللَّامِعِ، وَحَشَرَهُ اللّٰهُ فِي اَوَّلِ زُمْرَةٍ مِنَ التَّابِعِينَ، وَكَانَ لَهُ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ كَاَجْرِ اَلْفِ شَهِيدٍ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابو ہریرہ‘ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے پانچ فرض نمازیں باجماعت پڑھیں‘ وہ سب سے پہلے پل صراط سے ایسے گزرے گا جس طرح چمکتی ہوئی بجلی گزرتی ہے‘ اللہ عزوجل اس کو تابعین کے گروہ میں اُٹھائے گا‘ ہر دن اس کے لیے ان ایک ہزار شہداء کا ثواب لکھا جائے گا جو اللہ کی راہ میں شہید ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي عَائِشَةَ اِلَّا عَمَّارٌ اَبُو اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ

اس حدیث کو موسیٰ بن ابی عائشہ سے عمار ابو اسحاق نے روایت کیا۔ اس کے ساتھ بقیہ اکیلے ہیں۔

6657 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الدِّمَشْقِيُّ: نا اَبِي، نا هُشَيْمٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، وَحُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُمْ سَمِعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي بِهِمَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا حج و عمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھتے ہوئے: ”لبيك عمرًا و حجًا“۔

6656- تقدم برقم (**6641**) .

6657- أخرجه البخاري: الحج جلد**3**صفحه**477** رقم الحديث: **1548** . وأيضًا في المغازي جلد **7**صفحه**669** رقم الحديث: **4353-4354**، ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**915** .

جَمِيعًا: لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَحَجًّا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ إِلَّا هُشَيْمٌ وَأَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ هُشَيْمٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدِّمَشْقِيُّ، وَعَنْ أَبِي يُوسُفَ: بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید الانصاری سے ہشیم اور ابو یوسف القاضی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشیم اکیلے ہیں۔ اسماعیل بن محمد الدمشقی' ابو یونس سے اور بشر بن ولید الکندی سے روایت کرتے ہیں۔

6658 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ يُوسُفَ الْأُمَوِيُّ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَجِدُ مَنْكِبَ الرَّجُلِ نَابِيَةً عَنْ مَنْكِبِ صَاحِبِهِ، فَيُثَقِّفُهَا، وَيَقُولُ: لَا تَخْتَلِفُوا، فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کے کندھے کو دوسرے آدمی کے کندھے سے ملاتے تھے اور فرماتے: اختلاف نہ کیا کرو' ورنہ تمہارے دل مختلف ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ وَخَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ حَفْصٍ: ابْنُهُ عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ: هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ

الرُّهَاوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، اَنَّ حَمَّادَ بْنَ اَبِي سُلَيْمَانَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ الْحَسَنَ الْبَصْرِيَّ، حَدَّثَهُ، حَدَّثَنِي ابْنٌ لِاَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي اِذْ سَمِعَ رَجُلًا يَدْعُو: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ كَمَا يَنْبَغِي لِكَرَمِ وَجْهِ رَبِّنَا، وَعِزِّ جَلَالِهِ. فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّكُمُ الْقَائِلُ كَذَا وَكَذَا؟ لَقَدْ رَاَيْتُ اثْنَيْ عَشَرَ مَلَكًا يَبْتَدِرُونَهَا، ثُمَّ شَخَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ، حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ قَالَ: هِيَ لَكَ بِخَاتِمِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِثْلُهَا

تھے کہ اچانک ایک آدمی کو دعا کرتے ہوئے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طيبًا مباركًا فيه كما ينبغى لكرم وجه ربنا وعز جلاله'' جب حضور ﷺ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: اس اس طرح کے الفاظ کہنے والا کون ہے؟ میں نے بارہ فرشتے دیکھے ہیں جوان کا ثواب لکھنے کے لیے جلدی کر رہے تھے۔ پھر حضور ﷺ نے اپنی نگاہ سے دیکھا یہاں تک کہ وہ آنکھوں سے اوجھل ہو گئے' آپ نے فرمایا: قیامت کے دن تک اور اس کی مثل پر تیرے مہر لگا دی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ سِنَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ، عَنْهُ

یہ حدیث اوزاعی سے یزید بن سنان روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ان کی اولاد اکیلی ہے۔

6966 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ كَثِيرٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ مَرْدَانْبَهْ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى وَبِيصِ خَاتَمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ خَرَجَ عَلَيْنَا فِي ثُلُثِ اللَّيْلِ، فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَنَامُوا، وَاِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوا فِي صَلَاةٍ اِذَا انْتَظَرْتُمُوهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اب بھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں جب رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس آتے تھے رات کے تہائی حصے میں' آپ کی انگوٹھی کو دیکھ رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: لوگوں نے نماز پڑھی اور سو گئے اور تم مسلسل نماز میں ہو' جب سے تم نماز کا انتظار کر رہے ہو۔

6967 - وَبِهِ: عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6966- أخرجه البخاري: اللباس جلد10صفحه334 رقم الحديث: 5869' ومسلم: المساجد جلد1صفحه443 .

6967- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه236 رقم الحديث: 708' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه342 .

رَاَيْتُ اَخَفَّ صَلَاةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تَمَامٍ، وَرُكُوعٍ، وَسُجُودٍ

میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ مختصر نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا' رکوع اور سجود بھی مکمل ہوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ رَقَبَةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ

یہ دونوں حدیثیں رقبہ سے ابراہیم بن یزید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

6968 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْعُصْفُرِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ مُعَاذٍ اَبُو مُعَاذٍ، ثَنَا اَبِي، نَا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے: جانور کو مارنے والے کی دیت نہیں' کنویں میں گرنے والے کی دیت نہیں ہے' کان میں گرنے والے کی دیت نہیں ہے' دفن شدہ خزانے میں خمس ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا مُعَاذٌ اَبُو بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ، عَنْهُ

یہ حدیث بکیر بن عبداللہ سے معاذ ابوبکر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

6969 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا سَهْلُ بْنُ عَمَّارٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَزِينٍ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ طَلْحَةَ، اَنَّهُ دَفَعَ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَهُوَ يُغَدِّي النَّاسَ، فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ، اَوْ سَلَّمَ عَلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: هَلُمَّ قَالَ: اِنِّي صَائِمٌ ـ قَالَ: وَاَيُّ الشَّهْرِ تَصُومُ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ شَهْرٍ اَوَّلَهُ وَاَوْسَطَهُ ـ فَقَالَ عُمَرُ: ادْعُوا لِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ

حضرت موسیٰ بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس گیا' آپ لوگوں کو کھانا کھلا رہے تھے' ایک آدمی آپ کے پاس سے گزرا' اس نے آپ کو سلام کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آؤ! اس نے کہا: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: کس مہینہ کے روزے رکھ رہے ہو؟ اس نے عرض کی: ہر مہینہ کے اوّل اور درمیان کے۔ حضرت عمر نے فرمایا: میرے پاس عبداللہ بن مسعود

6969- اسناده فيه: سهل بن عمار النيسابوري: متهم' كذبه الحاكم وغيره' انظر: اللسان جلد 3 صفحه 121' والميزان جلد 2 صفحه 240 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 198 . تخريجه: أخرجه النسائي من حديث أبي بن كعب .

مَسْعُودٍ، وَأُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَسَمَّى رِجَالًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءُ وا، فَقَالَ: هَلْ تَحْفَظُونَ يَوْمَ جَاءَ الرَّجُلُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْأَرْنَبِ فِي وَادِي كَذَا، يَوْمَ كَذَا؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ عُمَرُ: فَحَدِّثُوا الرَّجُلَ، فَأَنْشَئُوا يُحَدِّثُونَ الرَّجُلَ. فَقَالُوا: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَادِي كَذَا، يَوْمَ كَذَا، فَأَتَاهُ رَاعٍ بِأَرْنَبٍ مَشْوِيَّةٍ هَدِيَّةً، فَقَالَ الرَّاعِي: أَمَا إِنِّي قَدْ رَأَيْتُ بِهَا دَمًا، فَأَمَرَ الْقَوْمَ أَنْ يَأْكُلُوا، وَلَمْ يَأْكُلْ، فَقَالَ لِلرَّاعِي: اجْلِسْ فَكُلْ مَعَهُمْ فَقَالَ: إِنِّي صَائِمٌ. فَقَالَ: كَيْفَ صَوْمُكَ؟ قَالَ: أَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ. قَالَ: وَأَيَّ ثَلَاثَةٍ تَصُومُ؟ قَالَ: مِنْ أَوْسَطِهِ وَآخِرِهِ، وَكَمَا يَكُونُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُمِ الثَّلَاثَةَ الْبِيضَ

اور ابی بن کعب کو بلاؤ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں کا نام لیا۔ وہ آئے' حضرت عمر نے فرمایا: کیا تم کو وہ دن یاد ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس فلاں جگہ فلاں دن خرگوش بھونا ہوا لے کر آیا' انہوں نے عرض کی: جی ہاں! حضرت عمر نے فرمایا: اس آدمی کو بتاؤ! انہوں نے بتایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' فلاں وادی میں فلاں دن ایک چرواہا بھونا ہوا خرگوش لے کر آیا' تحفہ کے طور پر۔ اس چرواہا نے عرض کی: بے شک میں نے اس کے ساتھ خون دیکھا ہے' سو آپ نے لوگوں کو کھانے کا حکم دیا لیکن خود نہیں کھایا۔ آپ نے چرواہے سے کہا: تُو بھی بیٹھ' ان کے ساتھ کھا۔ اس نے عرض کی: میں نے روزہ رکھا ہے' آپ نے فرمایا: تم کیسے روزہ رکھتے ہو؟ اسنے عرض کی: ہر ماہ کے تین روزے' آپ نے فرمایا: تین کون سے روزے رکھتے ہو؟ اس نے عرض کی: درمیان اور آخر سے' آپ نے فرمایا: ایامِ بیض کے تین روزے رکھا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَزِينٍ

یہ حدیث حکم سے سفیان بن حسین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن رزین اکیلے ہیں۔

6970 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، نا حَاتِمُ بْنُ يُوسُفَ الْجَلَّابُ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: فَشَتْ أُمُورٌ قَبِيحَةٌ فِي الْكُوفَةِ، فَاجْتَمَعَ قُرَّاءُ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوفہ میں بُرے کام عام ہونے لگے' کوفہ کے قراء جمع ہوئے' وہ لوگ حضرت عمر کے پاس آئے' حضرت عمر نے فرمایا: کیا ہوا کوفہ کے قراء چل کر آئے ہیں؟ حضرت عبداللہ بن عمرو نے فرمایا: کوفہ میں بُرے اعمال عام ہو

الْكُوفَةِ، فَخَرَجُوا إِلَى عُمَرَ، فَقَالَ عُمَرُ: مَا الَّذِي صَنَعْتُ حَتَّى سَارَ إِلَيَّ قُرَّاءُ الْكُوفَةِ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو: فَشَتْ فِيهِمْ أُمُورٌ قَبِيحَةٌ. فَقَالَ: نَشَدْتُكَ اللَّهَ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرٍو، أَتُطِيعُ اللَّهَ فِيمَا أُمِرْتَ مِنْ أَمْرِ سَمْعِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَفِي أَمْرِ بَصَرِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَكَيْفَ أُقِيمُ أَمْرَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَا لَا تَسْتَقِيمُ لِي عَلَيْهِ أَنْتَ فِي أَمْرِ سَمْعِكَ وَبَصَرِكَ؟، إِنَّمَا لَنَا مِنَ النَّاسِ مَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ، فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ، وَأَمْوَالَهُمْ، إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ

گئے۔ حضرت عمر نے فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تُو اللہ کی اطاعت کرتا ہے اُس میں جو مجھے کہا گیا ہے اُس امر سے جو تُو نے سنا ہے؟ حضرت عبداللہ نے فرمایا: نہیں! حضرت عمر نے فرمایا: کسی نے اس معاملہ کو دیکھا ہے؟ حضرت ابن عمرو نے فرمایا: نہیں! حضرت عمر نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت پر کیسے حکم نافذ کیا جائے جب تک معلوم نہ ہو کہ کسی نے سنا اور دیکھا ہے؟ ہمارے لیے لوگوں کے ساتھ وہی کام کرنا ہے جو ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے مجھے حکم دیا ہے لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھیں نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں جب ایسے کام کرلیں تو انہوں نے مجھ سے اپنا خون اور اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ ان کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو حضرت عمر سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالمؤمن بن خالد اکیلے ہیں۔

6971 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ أَبُو الصَّبَّاحِ الْهَدَادِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ جَامِعِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فتح مکہ کے دن مکہ داخل ہوئے آپ نے سیاہ عمامہ پہن رکھا تھا۔

6971- أخرجه مسلم: الحج جلد **2**صفحه**990**' وأبو داؤد: اللباس جلد **4**صفحه**53** رقم الحديث: **4076**' والترمذي: اللباس جلد **4**صفحه**225** رقم الحديث: **1735**' والنسائي: المناسك جلد **5**صفحه**158** (باب دخول مكة بغير احرام).

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَامِعِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ إِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا عَنْ شَرِيكٍ إِلَّا أَبُو نُعَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ

یہ حدیث حضرت جامع بن ابو رشد سے شریک اور شریک سے ابونعیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن اللیث اکیلے ہیں۔

6972 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي رِزْمَةَ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْمُجَالِدِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوصِي بِالْجَارِ، حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مجھے پڑوسی کے متعلق وصیت کی گئی یہاں تک کہ ہم کو گمان ہوا کہ وہ وارث نہ بنا دیا جائے۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ بَشِيرِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَمُجَاهِدٍ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي الْمُجَالِدِ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي رِزْمَةَ

اس حدیث میں بشیر بن سلیمان اور مجاہد کے درمیان عبداللہ بن ابومجالد کو عبدالعزیز بن ابورزمہ نے داخل کیا ہے۔

6973 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُطَهَّرُ بْنُ الْحَكَمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، حَدَّثَنِي مَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ أُمِّ السَّائِبِ، أَنَّهَا دَخَلَتْ عَلَى عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، وَمَعَهَا عُودٌ تَتَبَّعُ الْوَزَغَ فَتَقْتُلُهُ، فَقُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ مَا شَأْنُ هَذَا الْوَزَغِ؟ فَقَالَتْ: لَمَّا أُلْقِيَ إِبْرَاهِيمُ فِي النَّارِ كَانَ كُلُّ شَيْءٍ يَرُدُّ غَيْرَ هَذَا، فَأُمِرْنَا بِقَتْلِهِ قُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ الْمَرْأَةُ تَدْخُلُ الْحَمَّامَ؟، فَقَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت اُم سائب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی' آپ کے پاس چھڑی تھی' اس کے ساتھ چھپکلی کو تلاش کر کے مار رہی تھیں' میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! چھپکلی کو کیوں مار رہی ہیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب حضرت ابراہیم کو آگ میں ڈالا گیا تو ہر شی نے آگ کو ٹھنڈا کرنا چاہا سوائے اس کے۔ ہمیں اس کو مارنے کا حکم دیا گیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! عورت حمام میں داخل ہوسکتی ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے رسول

6972- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه455 رقم الحديث: 6015' ومسلم: البر جلد4صفحه2025 .

6973- أخرجه ابن ماجة: الصيد جلد2صفحه1076 رقم الحديث: 3231 بشقه الأول فقط . وفي الزوائد: اسناده صحيح' ورجاله ثقات . وأيضًا ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1234 رقم الحديث: 3750 في شقه الثاني . من طريق أبي المليح الهذلي' أن نسوة من أهل حمص استأذن على عائشة فذكره .

وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ وَضَعَتْ ثِيَابَهَا فِي غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا فَقَدْ هَتَكَتْ سِتْرَهَا فِيمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ رَبِّهَا

اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جو عورت اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ کپڑے اُتارے گی' اس نے اس پردے کو ضائع کیا جو اس کے اور اس کے رب کے درمیان تھا۔

6974 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُطَهَّرُ بْنُ الْحَكَمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَطَرٍ، حَدَّثَنِي الْحَسَنُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فِي قَوْلِهِ: (اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا) (الفتح: 1)، اَنَّهَا نَزَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرْجِعَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَاَصْحَابُهُ قَدْ خَالَطَهُمُ الْحُزْنُ وَالْكَآبَةُ، قَدْ حِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَنَاسِكِهِمْ، وَنَحَرُوا الْبُدْنَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُنْزِلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ هِيَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا، فَقَرَاَهَا عَلَيْهِمْ اِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: هَنِيئًا مَرِيئًا لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِنَ اللّٰهِ، لَكَ مَا يَفْعَلُ بِكَ فَمَا يَفْعَلُ بِنَا؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمَ: (لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ) (الفتح: 5) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''ہم نے آپ کے لیے کھلی فتح دی'' کے متعلق فرماتے ہیں: یہ آیت رسول اللہ ﷺ پر حدیبیہ سے واپسی پر نازل ہوئی' صحابہ کرام پریشانی اور غم میں تھے' جو ان کے درمیان اور ان کی قربانیوں کے حائل ہوئے تھے۔ انہوں نے حدیبیہ کے مقام پر اونٹ کو نحر کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ پر ایسی آیت نازل ہوئی ہے جو مجھے ساری دنیا سے زیادہ پسند ہے۔ آپ نے مکمل آیت صحابہ کرام کے سامنے پڑھی' قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ آپ کے لیے خوشی ہے اللہ کی طرف سے' ہمارے لیے کیا ہے؟ اللہ عزوجل نے اس دن یہ آیت نازل فرمائی: ''لیدخل الی آخرہٖ''۔

6975 - وَبِهِ: عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهْ قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا اَطُوفُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، بِالْبَيْتِ، اِذْ عَارَضَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن باباہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ طوافِ کعبہ کر رہے تھے' اچانک آپ کے سامنے ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ نے سرگوشی کے متعلق حضور

6974- أخرجه مسلم: الجهاد جلد3صفحه1413' والبيهقي في الكبرى جلد5صفحه355 رقم الحديث: 10084 .

6975- أصله البخاري ومسلم من طريق قتادة عن صفوان بن محرز المازني به . أخرجه البخاري: المظالم جلد 5 صفحه116 رقم الحديث: 2441' ومسلم: التوبة جلد4صفحه2120 .

وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي النَّجْوَى؟ قَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ دَعَا اللّٰهُ بِعَبْدِهِ، فَيَضَعُ كَنَفَهُ عَلَيْهِ، يَقُولُ لَهُ: أَلَمْ تَعْمَلْ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا ذَنْبَ كَذَا وَكَذَا؟ فَيَقُولُ الْعَبْدُ، بَلَى يَا رَبِّ. فَيَقُولُ: فَإِنِّي سَتَرْتُهُ عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا، وَاَغْفِرُهُ لَكَ الْيَوْمَ

ﷺ سے کیا سنا ہے؟ حضرت ابن عمر نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ عزوجل اپنے بندے کو بلوائے گا' اپنا دستِ قدرت اس پر رکھے گا' فرمائے گا: کیا تُو فلاں فلاں دن گناہ نہیں کیا تھا' تو بندہ عرض کرے گا: اے رب! کیوں نہیں! اللہ عزوجل فرمائے گا: میں نے دنیا میں تیرے گناہ پر پردہ ڈالا تھا' آج کے دن تجھے بخش رہا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ إِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ تمام احادیث مطر الوراق سے حسین بن واقد روایت کرتے ہیں۔

6976 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنِ عَطَاءٍ الْخَفَّافُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خَلَّاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ، لَا اَدَعُهُنَّ فِي سَفَرٍ وَلَا حَضَرٍ: نَوْمٍ عَلَى وِتْرٍ، وَصِيَامِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ اِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ جَعَلَ بَعْدَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَي الضُّحَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے میرے دوست ﷺ نے تین چیزوں کی وصیت کی' میں نے ان کو ہمیشہ نہیں چھوڑا ہے سفر و حضر میں: (۱) سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی (۲) ہر ماہ تین روزے رکھنے کی (۳) دو رکعت جمعہ کے بعد پڑھنے کی۔ پھر حضرت ابوہریرہ جمعہ کے بعد دو رکعت چاشت کی پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسٍ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ

یہ حدیث قتادہ' خلاس سے اور قتادہ سے سعید بن ابوعروبہ اور سعید سے عبدالوہاب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن قہزاد اکیلے ہیں۔

6977 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا اَبِي، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ،

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عورتوں سے نکاحِ متعہ کرنے سے

6976- اسناده صحيح . ورجاله رجال الصحيح خلا شيخ الطبراني' وهو ثقة . وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 198 . والحديث في الصحيح خلا قوله: وركعتين بعد الجمعة .

6977- أخرجه مسلم: النكاح جلد2صفحه1026' وأبو داؤد: النكاح جلد6صفحه102 (باب تحريم المتعة) .

عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِكَاحِ مُتْعَةِ النِّسَاءِ

منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں۔

6978 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي فِي الْعُمْرَةِ حَتَّى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ قَالَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ: وَحَدَّثَنِي اَيُّوبُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، بِذَلِكَ اَيْضًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلسل عمرہ میں تلبیہ پڑھتے رہتے تھے یہاں تک کہ حجر اسود کو استلام کرتے۔ حضرت ابراہیم بن طہمان نے فرمایا: مجھے ایوب بن موسیٰ نے حضرت عطاء سے وہ ابن عباس سے بھی روایت کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ابن ابی نجیح سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حفص بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

6979 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاحَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم سے کوئی نماز جمعہ کے لیے آئے تو وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث منصور سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں۔

6979- أخرجه البخاری: الجمعة جلد **2** صفحه **415** رقم الحديث: **877**، ومسلم: الجمعة جلد **2** صفحه **5699** ولفظهما: اذا جاء (أراد) أحدكم (أن يأتی) الجمعة فليغتسل . والنسائی: الجمعة جلد **3** صفحه **86** (باب حض الامام فی خطبته على الغسل يوم الجمعة) ولفظه عند النسائی .

6980 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ سُلَيْمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي مِزْيَدٍ الْمَدِينِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: تَوَضَّاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَسْتٍ، فَاَخَذْتُهُ، فَصَبَبْتُهُ فِي بِئْرٍ لَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک تھال میں وضو کیا' میں نے اس تھال کو پکڑا اور اپنے کنویں میں ڈالا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث حضرت جابر سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ابن مبارک اکیلے ہیں۔

6981 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا اَبِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ عَنْ بَيْعِ الْغَنَائِمِ حَتَّى تُقْسَمَ، وَعَنِ الْحَبَالَى اَنْ يُوطَاْنَ حَتَّى يَضَعْنَ مَا فِي بُطُونِهِنَّ، وَقَالَ: اَتَسْقِي زَرْعَ غَيْرِكَ؟ ، وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ، وَعَنْ لَحْمِ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حنین کے دن مالِ غنیمت تقسیم کرنے سے پہلے اور حاملہ عورتوں سے وطی کرنے سے منع کیا یہاں تک کہ وہ جن لیں جو ان کے پیٹ میں ہے۔اور فرمایا: کیا کوئی دوسرے کی کھیتی کو پانی دیتا ہے؟ اور پالتو گدھوں کے گوشت سے' ہر پھاڑنے والے درندے کے گوشت سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث عمرو بن شعیب سے یحییٰ بن سعید اور یحییٰ سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں حفص بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

6982 - وَبِهِ ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ زَرْوَانَ، عَنْ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حالت احرام سے باہر نکاح کیا اور حالتِ احرام کے

6981- أخرجه الطبراني في الكبير جلد**11**صفحه**91** رقم الحديث: **11146** .

6982- أخرجه مسلم: النكاح جلد**2**صفحه**1032**' وأبو داؤد: المناسك جلد**2**صفحه**175** رقم الحديث: **1843**' والترمذي: الحج جلد**3**صفحه**194** رقم الحديث: **845** .

مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ، اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا حَلَالًا، وَبَنَى بِهَا حَلَالًا، وَتَزَوَّجَهَا بِسَرِفٍ

بغیر رخصتی اور مقامِ سرف پر شادی کی۔

6983 - وَبِهِ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: تَذَاكَرْنَا وَنَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَيُّمَا اَفْضَلُ، مَسْجِدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ بَيْتُ الْمَقْدِسِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا اَفْضَلُ مِنْ اَرْبَعِ صَلَوَاتٍ فِيهِ، وَلَنِعْمَ الْمُصَلَّى هُوَ، وَلَيُوشِكَنَّ اَنْ يَكُونَ لِلرَّجُلِ مِثْلُ سِيَةِ قَوْسِهِ مِنَ الْاَرْضِ، حَيْثُ يَرَى مِنْهُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ خَيْرٌ لَهُ مِنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں تکرار کر رہے تھے کہ کون سی مسجد افضل ہے: مسجد نبوی یا مسجد بیت المقدس؟ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا چار نمازیں پڑھنے سے افضل ہے بیت المقدس میں' وہ نماز پڑھنے والا کتنا اچھا ہے' قریب ہے کہ کوئی آدمی ایک کمان کے برابر جگہ پائے یہاں تک کہ وہ خیال کرے کہ بیت المقدس اس کے لیے دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا الْحَجَّاجُ، وَسَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ سَعِيدٍ

یہ حدیث قتادہ سے حجاج اور سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن طہمان حجاج اکیلے ہیں۔ ابن سلیمان بن ابوداؤد' حضرت سعید سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

6984 - وَبِهِ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی مسلمان مرد عورت اللہ کی راہ میں اپنے مال سے خرچ کرے تو اُسے جنت کے پردے بلاتے ہیں: آؤ! یہ بھلائی ہے۔

6983- اسناده صحيح . ورجاله رجال الصحيح خلا شيخ الطبراني وهو ثقة . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه10 .

6984- أخرجه النسائي: الجهاد جلد6صفحه39 (باب فضل النفقة في سبيل الله تعالى) . والدارمي: الجهاد جلد 2 صفحه268 رقم الحديث: 2403' وأحمد: المسند جلد5صفحه181 رقم الحديث: 21399 .

يُـنْفِقُ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اِلَّا دَعَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، هَلُمَّ، هَذَا خَيْرٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ اِلَّا الْحَجَّاجُ، تفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث عامر بن عبدالواحد سے حجاج روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن طہمان اکیلے ہیں۔

6985 - حَـدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُنِيبِ اَبُو الدَّرْدَاءِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا اِسْـحَاقُ بْـنُ عَبْـدِ اللّٰـهِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْـرِمَةَ قَـالَ: كَـانَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَمُرَةَ اسْمُهُ عَبْـدُ كَـلُوبٍ، فَسَـمَّـاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ عَبْـدَ الـرَّحْمَنِ، فَمَرَّ بِهِ وَهُوَ يَتَوَضَّاُ، فَقَالَ: تَـعَالَ يَـا عَبْدَ الرَّحْمَنِ ، فَقَالَ لَهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ: لَا تَـطْلُبِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ طَلَبْتَها فَاُوتِيتَها وُكِّلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ لَمْ تَطْلُبْها اُعِنْتَ عَلَيْهَا

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن کا نام عبدکلوب تھا۔حضور ﷺ نے ان کا نام عبدالرحمان رکھا' ایک دن آپ کے پاس سے گزارے اس حالت میں کہ آپ وضو کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! آؤ! حضور ﷺ نے ان کو فرمایا: حکومت نہ مانگنا' اگر تو نے مانگ کر لی اور تجھے دی گئی تو تجھے اس کے سپرد کیا جائے گا' اور اگر تو نے نہ مانگی تو تیری اس حوالہ سے مدد کی جائے گی۔

لَـمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْـنُ كَيْسَانَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا ابْنُهُ اِسْحَاقُ، تفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الدَّرْدَاءِ

یہ حدیث عکرمہ سے عبداللہ بن کیسان اور حضرت عبداللہ سے ان کے بیٹے اسحاق روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابوالدرداء اکیلے ہیں۔

6986 - حَـدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُشْكُ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ الـرَّحْـمَـنِ، ثَـنَـا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حَـكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْـنِ عَبَّـاسٍ قَـالَ: قَـالَ رَسُـولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خبر دیکھنے کی طرح نہیں ہے۔

6985- اسناده فيه: اسحاق بن عبد الله بن كيسان المروزي: ضعيف'لينه أبو أحمد الحاكم' وقال البخاري: منكر الحديث . (اللسان جلد1صفحه365) . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه58 .

6986- اسناده فيه: اسحاق بن عبد الله الخشك ذكره في الاكمال جلد3صفحه146 وسكت عنه .

وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايِنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حَكِيمٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ الْخُشْكِ

یہ حدیث حکیم بن حکیم سے محمد بن اسحاق اور محمد سے حفص بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن خشک اکیلے ہیں۔

6987 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ وَلِيدٍ، ثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ أُسَامَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي رَجُلٌ أَحْلِفُ عَلَى الشَّيْءِ، ثُمَّ أَنْدَمُ عَلَيْهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ

حضرت معاویہ بن حکیم السلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں کہ کسی شی کے متعلق قسم اُٹھاتا ہوں پھر اس پر ندامت کرتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے قسم اُٹھائی پھر اس کے علاوہ کرنے میں بہتری دیکھی تو وہ کرے جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُسَيْنُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث معاویہ بن حکم سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن الولید اکیلے ہیں۔

6988 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا' اپنے خطبہ میں فرمایا: خبردار! قریب مجھے دعوت دی جائے اور میں قبول کرلوں'

6987- اسناده فيه: هلال بن أسامة المدني: مجهول لم يرو عنه الا أسامة الليثي . (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائدجلد**4**صفحه**187** .

6988- اسناده حسن' فيه: عبد المؤمن بن خالد' ذكره ابن حبان في الثقات' وقال أبو حاتم: لا بأس به (التهذيب) . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**5**صفحه**239** وقال: رواه الطبراني في الأوسط عن شيخه محمد بن على المروزى وهو ضعيف . قلت: لم يسبقه أحد في تضعيفه . ترجمه الخطيب في تاريخه جلد **3**صفحه**68** . وثقه' وترجمه الذهبي في سر أعلام النبلاء جلد **14**صفحه**564** وقال: الامام المحدث الحافظ القاضي الورع...... أحد السادات والأولياء . فما أدرى ما مصدر تضعيفه .

اللّٰهِ بْنَ بُرَيْدَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمُرَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: أَلَا إِنِّي أُوشِكُ أَنْ أُدْعَى فَأُجِيبَ، فَيَلِيكُمْ عُمَّالٌ مِنْ بَعْدِي، يَعْمَلُونَ مَا تَعْلَمُونَ، وَيَعْمَلُونَ مَا تَعْرِفُونَ، وَطَاعَةُ أُولَئِكَ طَاعَةٌ، فَتَلْبَثُونَ كَذَلِكَ زَمَانًا، ثُمَّ يَلِيكُمْ عُمَّالٌ مِنْ بَعْدِهِمْ، يَعْمَلُونَ بِمَا لَا يَعْلَمُونَ، وَيَعْمَلُونَ بِمَا لَا تَعْرِفُونَ، فَمَنْ قَادَهُمْ وَنَاصَحَهُمْ فَأُولَئِكَ قَدْ هَلَكُوا وَأَهْلَكُوا، وَخَالِطُوهُمْ بِأَجْسَادِكُمْ، وَزَايِلُوهُمْ بِأَعْمَالِكُمْ، وَاشْهَدُوا عَلَى الْمُحْسِنِ أَنَّهُ مُحْسِنٌ، وَعَلَى الْمُسِيءِ أَنَّهُ مُسِيءٌ

میرے بعد تمہیں ایسے عمال سے واسطہ پڑے گا' جو ایسے اعمال کریں گے جنہیں تم جانتے ہو اور ایسے کام بھی کریں گے جنہیں تم پہچانتے ہو' ان کا کہا ماننا' طاعت ہوگا' تھوڑا زمانہ تم اسی طرح گزارو گے' پھر اُن کے بعد تمہیں ایسے حاکموں سے واسطہ پڑے گا جو ایسے کام کریں گے جنہیں تم نہ جانتے ہوگے' نہ پہچانتے ہوگے' سو جس نے ان سے مال کا فائدہ لیا اور ان کے لیے خالص رہا تو ایسے لوگ خود بھی ہلاک ہوں گے اور دوسروں کو بھی ہلاک کریں گے' تم ان سے اپنے جسموں کے ساتھ ملو لیکن اپنے اعمال ان سے الگ رکھو' نیکی کرنے والے کی گواہی دو کہ وہ محسن ہے اور بُرائی کرنے والے کے بارے گواہ بن جاؤ کہ وہ بُرائی کرنے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمُرَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَاتِمُ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث یحییٰ بن یعمر سے عبداللہ بن بریدہ اور حضرت عبداللہ سے عبدالمؤمن بن خالد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حاتم بن یوسف اکیلے ہیں۔

6989 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْقُرْدُوَانِيُّ، نا أَبِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ فِي أَوَّلِ اللَّيْلِ، وَفِي أَوْسَطِهِ، وَفِي آخِرِهِ، حَتَّى

حضرت عقبہ بن عمرو ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ وتر رات کے اوّل' درمیان' آخر حصے میں پڑھتے تھے یہاں تک کہ صحابہ کرام نے طریقہ بنایا کہ آج جس پر بھی عمل کریں گے وہ بہتر ہوگا' اگر اللہ نے چاہا۔

6989- اسناده فيه: سليمان بن أبي داؤد الحراني' ضعفه أبو حاتم' وقال البخاري: منكر الحديث . (الجرح جلد 4 صفحه115 والميزان جلد2صفحه206)

يَسْتَنَّ بِهِ الْمُسْلِمُونَ ، فَأَيُّ ذَلِكَ عُمِلَ بِهِ كَانَ صَوَابًا، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِى مَرْيَمَ، اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِى دَاوُدَ

یہ حدیث زیادہ بن ابومریم سے عبدالکریم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن ابوداؤدا کیلے ہیں۔

6990 - وَبِهِ: عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِى دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِى عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ فِى اَوَّلِ اللَّيْلِ، وَفِى وَسَطِهِ، وَفِى آخِرِهِ .

حضرت عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رات کے اوّل، درمیان اور آخر حصے میں وتر پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِى دَاوُدَ

یہ حدیث زیاد بن سعید سے عبدالکریم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن ابوداؤدا کیلے ہیں۔

6991 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُسَمُّوا اَفْلَحَ، وَلَا نَجِيحًا، وَلَا يَسَارًا، وَلَا تَزِيدَنَّ عَلَيَّ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: افلح، نجیح، یسار نام نہ رکھو، تم مجھ پر زیادہ نہ کرو گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ زِيَادٍ اِلَّا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث یزید بن زیاد سے فضل بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔

6990- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه .

6991- أخرجه مسلم: الآداب جلد **3** صفحه **1685**، وأبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **291** رقم الحديث: **4958**، والترمذى: الأدب جلد **5** صفحه **133** رقم الحديث: **2836**، والدارمى: الاستئذان جلد **2** صفحه **381** رقم الحديث: **2696** .

6992 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ الْيَافُونِيُّ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُرَشَّلٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَالْيَهُودُ تَصُومُ عَاشُورَاءَ، فَسَاَلَهُمْ، فَقَالُوا: هَذَا يَوْمٌ ظَهَرَ فِيهِ مُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتُمْ اَوْلَى بِمُوسَى، فَصُومُوهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لائے' یہود کے لوگ عاشوراء کے دن روزہ رکھتے تھے' آپ نے اس دن روزہ رکھنے کی وجہ پوچھی تو انہوں نے عرض کی: اس دن حضرت موسیٰ' فرعون پر غالب آئے تھے۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیادہ حق دار ہو' تم روزہ رکھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُرَشَّلٍ

یہ حدیث اشعث بن سوار سے ابوخالد الاحمر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن خالد بن مرشد اکیلے ہیں۔

6993 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُمَيْرٍ الْيَافُونِيُّ، ثَنَا عِمْرَانُ بْنُ هَارُونَ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُكُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ عَشِيرَتِهِ، مَا لَمْ يَاْثَمْ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا: تم میں بہتر وہ ہے جو اپنی رشتہ داری کا دفاع کرتا ہے' جس کے کرنے میں گناہ نہ ہو۔

6994 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

6992- أخرجه البخاری: التفسير جلد8صفحه288 رقم الحديث: 4737، ومسلم: الصيام جلد2صفحه695 .

6993- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه334 . وقال أبو داؤد: أيوب بن سويد: ضعيف . والطبرانی فی الصغر جلد2صفحه91 . وقال: لم يروه عن أسامة الا أيوب .

6994- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم، ضعفه أحمد، وابن معين والنسائی، وغيرهم (التهذيب، والتقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه205 .

عُـمَيْـرٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَـا عَبْـدُ الرَّحْـمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَيَّرَنِي بَيْنَ اَنْ يَغْفِرَ لِنِصْفِ اُمَّتِي اَوْ شَـفَـاعَـتِي، فَـاخْـتَـرْتُ شَفَاعَتِي، وَرَجَـوْتُ اَنْ تَكُونَ اَعَمَّ لِاُمَّتِي، وَلَوْلَا الَّذِي سَبَقَنِي اِلَيْهِ الْعَبْدُ الصَّالِحُ لَعَجَّلْتُ دَعْوَتِي، اِنَّ اللّٰهَ لَمَّا فَرَّجَ عَـنْ اِسْحَاقَ كَرْبَ الذَّبْحِ، قِيلَ لَهُ: يَا اِسْحَاقُ، سَلْ تُـعْـطَـهُ قَـالَ: اَمَّـا وَالـلّٰـهِ لَاتَـعَـجَّلَنَّها قَبْلَ نَزَغَاتِ الشَّيْـطَانِ، الـلّٰهُـمَّ مَـنْ مَـاتَ لَا يُشْرِكُ بِكَ شَيْـئًـا وَاَحْسَنَ فَاغْفِرْ لَهُ، وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجھے اختیار دیا کہ آدھی اُمت بخشوا لیں یا شفاعت اختیا رکر لیں! میں نے شفاعت کو اختیار کیا' میں یقین رکھتا ہوں کہ یہ شفاعت ساری اُمت کے لیے ہوگی' اگر مجھ سے پہلے عبد صالح سبقت نہ کرتے' تو میں اپنی دعا کی قبولیت کے لیے جلدی مانگتا' اللہ عزوجل نے اسحاق علیہ السلام کو ذبح کی آزمائش سے بچالیا تھا۔ اُن سے کہا گیا: اے اسحاق! مانگیں! عطا ہوگا۔ عرض کی: اللہ کی قسم! شیطان کے نزغات سے پہلے جلدی نہ کرنا' اے اللہ! جو مرے اس حالت میں کہ وہ تیرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے اور اچھا سلوک کرے تو اس کو بخش دے اور اس کو جنت میں داخل کر۔

یہ حدیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے عبدالرحمن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

6995 - حَـدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ جَرِيرٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ الْحَلَبِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَـمْـرٍو، عَـنْ عَبْـدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْـمُسَيِّـبِ، اَنَّـهُ سَـمِـعَ مُـعَـاوِيَةَ، عَـلَى الْمِنبَرِ يَوْمَ عَـاشُـورَاءَ، يَـقُـولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِصِيَامِ هَذَا الْيَوْمِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت امیر معاویہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ اس دن روزہ رکھنے کا حکم دیتے تھے۔

یہ حدیث عبدالکریم سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن ہشام اکیلے ہیں۔

6995- اسناده فيه: عبيد بن هشام الحلبي أبو نعيم جرجاني الأصل: صدوق تغير في آخر عمره' فتلقن - (التقريب) - وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه189 .

6996 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ جَرِيرٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي قَوْلِهِ: (وَكَانَ تَحْتَهُ كَنْزٌ لَهُمَا) (الكهف: 82) قَالَ: ذَهَبٌ وَفِضَّةٌ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے اس آیت ''وکان تحته کنز لهما'' کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا: اس سے مراد سونا و چاندی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ جَابِرٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَزِيدَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث مکحول سے یزید بن یزید بن جابر روایت کرتے ہیں۔ یزید سے یزید بن یوسف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

6997 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ جَرِيرٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي قَوْلِهِ: (فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ) قَالَ: قَطَعَ أَعْنَاقَهَا وَسُوقَهَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر ''فطفق مسحا بالسوق والاعناق'' کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں' فرمایا: اس سے مراد ان کی گردن اور پنڈلی کاٹنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

6998 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی دونوں رکعتوں میں مختصر قرأت کرتے تھے یہاں تک کہ میں کہتی: آپ نے صرف سورۂ فاتحہ پڑھی ہے!

6996- أخرجه الترمذي: التفسير جلد5صفحه313 رقم الحديث: 3152 وقال: غريب .

6997- اسناده فيه: سعيد بن بشير: ضعيف (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه102 .

6998- اخرجه البخاري: التهجد جلد3صفحه55 رقم الحديث: 1165' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه501 .

وَسَلَّمَ يُخَفِّفُ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، حَتَّى إِنِّي أَقُولُ: مَا يُتِمُّ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث عمر بن محمد سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث محمد بن سعید' محمد بن عبدالرحمٰن سے' وہ عمرہ سے' وہ حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں۔

6999 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي مَنْصُورُ بْنُ صَفِيَّةَ، عَنْ أُمِّهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى شَيْئًا مِمَّا يُحِبُّ قَالَ: رَبَّنَا بِنِعْمَتِكَ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ، فَلَكَ الْحَمْدُ، وَإِذَا رَأَى شَيْئًا مِمَّا يَكْرَهُ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی شی کو دیکھتے جو آپ کو پسند ہوتی تو آپ پڑھتے: ''ربنا بنعمتك تتم الصالحات الٰی آخرہٖ'' جب کسی ناپسند شی کو دیکھتے تو پڑھتے: ''الحمد علٰی کل حالٍ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا زُهَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث منصور سے زہیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔ حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

7000 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى الْجَرَّاحِ بْنِ مَلِيحٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ ابْتُلِيَ بِشَيْءٍ مِنَ الْبَنَاتِ، وَأَحْسَنَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کے ہاں بچیاں ہوں' ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے' تو یہ اس کے لیے جہنم سے پردہ ہوں گی۔

6999- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد **2** صفحه **1250** رقم الحديث: **3803** . في الزوائد: اسناده صحيح' ورجاله ثقات . والبيهقي في شعب الايمان جلد **4** صفحه **91** رقم الحديث: **4375** .

7000- أخرجه البخاري: الأدب جلد **10** صفحه **440** رقم الحديث: **5995**' ومسلم: البر جلد **4** صفحه **2027** .

صُحْبَتَهُنَّ، كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ إِلَّا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ

یہ حدیث زبیدی سے جراح بن ملیح روایت کرتے ہیں۔

7001 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ، ثَنَا بَقِيَّةُ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَسْتُ أَخَافُ عَلَيْكُمُ الْخَطَأَ، وَلَكِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمُ الْعَمْدَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم پر خطا و لغزش کا خوف نہیں کرتا ہوں بلکہ میں تم پر خوف کرتا ہوں کہ تم جان بوجھ کر گناہ کرو گے۔

7002 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرًا لِسَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ الْأَنْصَارِيِّ، وَمَنْزِلُهُ بِالْأَسْوَاقِ، فَبَسَطَتِ امْرَأَتُهُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ صَوْرٍ مِنْ نَخْلٍ، فَجَلَسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا مَعَهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمُ الْآنَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَطَلَعَ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَطَلَعَ عُمَرُ ثُمَّ قَالَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَطَلَعَ عُثْمَانُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت سعد بن ربیع انصاری کی عیادت کے لیے نکلے' ان کا گھر بازار میں تھا' ان کی بیوی نے حضور ﷺ کے لیے چادر بچھائی' حضور ﷺ اس پر تشریف فرما ہوئے' ہم آپ کے ساتھ بیٹھے۔ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: تمہارے پاس ایک جنتی آدمی آئے گا۔ حضرت ابوبکر آئے' پھر فرمایا: تمہارے پاس ایک جنتی آدمی آئے گا۔ حضرت عمر آئے' پھر فرمایا: تمہارے پاس ایک جنتی آدمی آئے گا' تو حضرت عثمان آئے۔

7001- اسناده فيه: بقية بن الوليد: صدوق كثير التدليس عن الضعفاء . (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 253 .

7002- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن عقيل: ضعيف مختلط . (راجع التهذيب جلد 6 صفحه 13' والجرح جلد 5 صفحه 153' والميزان جلد 2 صفحه 484) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 60 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث وضین بن عطاء سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

7003 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ وَالِي ثَلَاثَةٍ إِلَّا لَقِيَ اللَّهَ مَغْلُولَةٌ يَمِينُهُ، فَكَّهُ عَدْلُهُ، أَوْ أَوْثَقَهُ جَوْرُهُ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو تین آدمیوں کا ولی بنا' وہ اللہ سے ملے گا اس حالت میں کہ اس کا دایاں ہاتھ بندھا ہوگا' اس کا عدل اس کو چھڑا لے گا' اس کے اعضاء مضبوط ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامٍ

یہ حدیث سعید بن عبدالعزیز سے ابراہیم بن ہشام روایت کرتے ہیں۔

7004 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْقَطَّانُ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا شِهَابُ بْنُ خِرَاشٍ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ، فَقَالَ: نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا مَقَالَةً فَوَعَاهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلَى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ

حضرت عبید بن عمیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو خطبہ دیا' فرمایا: اللہ اس آدمی کو خوش رکھے! جو ہماری حدیث سنے' اس کو یاد کرے' بسا اوقات جس کو سنائی جا رہی ہے وہ زیادہ فقیہ ہوتا ہے' اس سے جس نے سنی ہوتی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ قَتَادَةَ اللَّيْثِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث حضرت عمیر بن قتادہ لیثی سے صرف اسی سند کے ساتھ مروی ہے۔ ہشام بن عمار اس کو روایت

7003- أخرجه ابن حبان (1560/موارد الظمآن) وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه209 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه: ابراهيم بن هشام بن يحيٰى الغساني وثقه ابن حبان وغيره وكذبه أبو حاتم وأبو زرعة وبقية رجاله ثقات . وانظر: الترغيب للمنذري جلد3صفحه174 رقم الحديث: 31 .

7004- اسناده فيه: محمد بن نصر القطان الهمداني: لم أجده . وأخرجه أيضًا في الكبير' وانظر: مجمع الزوائدجلد 1 صفحه141 .

کرنے میں اکیلے ہیں۔

7005 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْقَطَّانُ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَنَى مَسْجِدًا، لَا يُرِيدُ بِهِ رِيَاءً، وَلَا سُمْعَةً، بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسجد بنائی' دکھاوا ریاکاری کے لیے نہیں' اللہ اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُثَنَّى إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْكُوفِيُّ، وَالْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ

یہ حدیث مثنیٰ سے محمد بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اور حضرت عائشہ سے کثیر بن عبدالرحمٰن الکوفی روایت کرتے ہیں۔

7006 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ، ثنا نَافِعٌ السُّلَمِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنِ السَّيِّدُ؟ قَالَ: ذَاكَ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، قَالُوا: فَمَا فِي أُمَّتِكَ سَيِّدٌ؟ قَالَ: بَلَى، رَجُلٌ أُعْطِيَ مَالًا حَلَالًا، وَرُزِقَ سَمَاحَةً، فَأَدْنَى الْفَقِيرَ، وَقَلَّتْ شِكَايَتُهُ فِي النَّاسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! سیّد کون ہے؟ آپ نے فرمایا: یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام۔ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ کی اُمت سے سیّد کوئی نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں ہے! ایک وہ آدمی جس کو حلال مال دیا گیا اور درگزر کی صفت چلیملی' اس نے فقیر کو قریب کیا اور لوگوں سے اس کی شکایت کم کرتا رہا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا عَطَاءٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا نَافِعٌ أَبُو هُرْمُزَ، تَفَرَّدَ بِهِ:

یہ حدیث ابن عباس سے عطاء اور عطاء سے نافع ابوہرمز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں

7005- اسناده فيه: المثنى بن الصباح: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه11 .

7006- اسناده فيه: نافع أبو هرمز: كذبه ابن معين' وقال أبو حاتم: متروك ذاهب الحديث' وقال النسائى: ليس بثقة (الجرح جلد 8صفحه455' والميزان جلد4صفحه243' والضعفاء للنسائى 254) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه131 .

سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ

سعید بن یحییٰ لخمی اکیلے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ حُذَيْفَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث حذیفہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

7224 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، نَا اِسْحَاقُ بْنُ بُهْلُولِ الْاَنْبَارِیُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الْمَخْزُومِیُّ الْمَدِينِیُّ، ثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَيُّوبَ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَتْبَعُ الْمَرْاَةَ حَرَامًا، اَيَنْكِحُ اُمَّهَا؟ اَوْ يَتْبَعُ الْاُمَّ حَرَامًا، اَيَنْكِحُ ابْنَتَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحَرِّمُ الْحَرَامُ الْحَلَالَ، اِنَّمَا يُحَرِّمُ مَا كَانَ بِنِكَاحٍ حَلَالٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ سے ایک آدمی نے پوچھا: ایک آدمی کسی عورت سے زنا کرتا ہے' پھر اس کی ماں سے نکاح کرسکتا ہے یا اس کی ماں سے زنا کرتا ہے تو کیا اس کی لڑکی سے نکاح کرسکتا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: حرام کام حرام کو حلال نہیں کرتا ہے' زنا سے وہی حرام ہوتا ہے جو نکاح سے ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا عُثْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث زہری سے عثمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن نافع اکیلے ہیں۔

7225 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، نَا مُحَمَّدُ

حضرت نمیرہ بن خرشہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

7224- اسناده فيه: أ- المغيرة بن اسماعيل المخزومی: مجهول . قاله أبو حاتم . انظر: لسان الميزان جلد 6 صفحه 74 . ب- عثمان بن عبد الرحمٰن الزهری: متروك . والحديث أخرجه ابن عدی فی الكامل جلد 5 صفحه 1808، والبيهقی فی الكبرىٰ جلد 7 صفحه 169 .

7225- اسناده فيه: أ- محمد بن يزيد المستملی: متروك . انظر: لسان الميزان جلد 5 صفحه 429 . ب- يعقوب

بْنُ يَزِيدَ الْمُسْتَمْلِيُّ، نَا يَعْقُوبُ الزُّهْرِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ، مَوْلَى الْخُزَاعِيِّينَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي الْقَاسِمِ بْنِ عَامِرِ بْنِ نُمَيْرِ بْنِ خَرَشَةَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ نُمَيْرِ بْنِ خَرَشَةَ قَالَ: وَفَدْنَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَدْرَكْنَاهُ بِالْجُحْفَةِ، فَاسْتَبْشَرَ النَّاسُ بِقُدُومِنَا، فَأَسْلَمْنَا، وَأَمَرَهُمْ بِالْقُدُومِ مَعَهُ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَكَانَ يَحْضُرُ إِخْوَانُهُمْ مِنَ النَّاسِ كُلَّ عَشِيَّةٍ عَلَيْهِمْ، وَعَلَى غُرَبَاءِ الْمُسْلِمِينَ الَّذِينَ قَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ يَحُضُّ عَلَى تَضْيِيفِهِمْ، فَيَقُولُ: إِخْوَانُكُمْ ضِيفَانُكُمْ، كُلُّ امْرِءٍ بِقَدْرِ مَا وَسَّعَ اللَّهُ عَلَيْهِ فَيَقُومُ الرَّجُلُ فَيَأْخُذُ الرَّجُلَ وَالرَّجُلَيْنِ، وَكَانَ الَّذِي يَأْخُذُ ثَلَاثَةً عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ

حضور ﷺ کے پاس وفد کی صورت میں گئے' ہم نے آپ کو جحفہ کے مقام پر پایا' لوگوں نے ہمارے آنے پر خوش آمدید کہا' ہم مسلمان ہوئے' آپ نے مدینہ آنے کا حکم دیا' لوگوں میں سے ہر شام ان کے پاس آئے۔ ان غرباء مسلمانوں کے پاس جو حضور ﷺ کے پاس آئے تھے' آپ ان کے حصے دینے پر اُبھارتے' فرماتے: تمہارے کمزور بھائی ہیں' ہر آدمی پر اتنی مقدار میں ہے جتنی وہ طاقت رکھتا ہے۔ ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے ایک اور دو آدمیوں کو پکڑا' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے تین آدمیوں کو پکڑا اور اپنے گھر لے گئے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ نُمَيْرِ بْنِ خَرَشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ الزُّهْرِيُّ

یہ حدیث نمیر بن خرشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب الزہری اکیلے ہیں۔

7226 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْمُسْتَمْلِيُّ، ثنا أَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَرْطَاةَ بْنَ الْمُنْذِرِ يَذْكُرُ قَالَ: سَمِعْتُ حَكِيمَ بْنَ عُمَيْرٍ يَذْكُرُ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ: نَزَلَ

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ خیبر آئے' خیبر کا مالک غیر مسلم اور منکر تھا' وہ حضور ﷺ کی طرف متوجہ ہوئے' اس نے کہا: اے محمد! کیا آپ ہمارے اونٹ ذبح کرنے اور ہمارے پھل

بن محمد بن عيسى الزهري: صدوق كثير الوهم والرواية على الضعفاء . واكتفى الحافظ الهيثمي بتضعيفه بمحمد بن يزيد المستملي فقط . انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه181-182 .

7226- أخرجه أبو داؤد: الامارة جلد3صفحه167 رقم الحديث: 3050' والبيهقي في الكبرى جلد9صفحه343 رقم الحديث: 18728' والطبراني في الكبير جلد18صفحه258 رقم الحديث: 645 . وقال: اسناده أشعث بن سوار وهو لين فالحديث ضعيف .

النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ، وَكَانَ صَاحِبُ خَيْبَرَ مَارِدًا مُنْكَرًا، فَأَقْبَلَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، أَلَكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا حُمُرَنَا، وَتَأْكُلُوا تَمْرَنَا، وَتَدْخُلُوا بُيُوتَنَا، وَتَضْرِبُوا نِسَاءَ نَا؟ فَغَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، ارْكَبْ فَرَسَكَ فَنَادِ فِي النَّاسِ: إِنَّ الْجَنَّةَ لَا تَحِلُّ إِلَّا لِمُؤْمِنٍ، وَأَنِ اجْتَمِعُوا إِلَى الصَّلَاةِ، فَاجْتَمَعُوا، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَحِلَّ لَكُمْ أَنْ تَدْخُلُوا بُيُوتَ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا بِإِذْنٍ، وَلَا أَكْلَ أَمْوَالِهِمْ، وَلَا ضَرْبَ نِسَائِهِمْ، إِذَا أَعْطَوْكُمُ الَّذِي عَلَيْهِمْ، إِلَّا مَا طَابُوا بِهِ نَفْسًا، أَيَحْسَبُ امْرُؤٌ قَدْ شَبِعَ حَتَّى بَطِنَ، وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى أَرِيكَتِهِ، لَا يَظُنُّ أَنَّ اللَّهَ حَرَّمَ شَيْئًا إِلَّا مَا فِي هَذَا الْقُرْآنِ؟ أَلَا وَإِنِّي قَدْ وَاللَّهِ حَرَّمْتُ وَأَمَرْتُ، وَوَعَظْتُ بِأَشْيَاءَ، إِنَّهَا لَمِثْلُ الْقُرْآنِ، أَوْ أَكْثَرُ، أَلَا وَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ لَكُمْ مِنَ السِّبَاعِ كُلُّ ذِي نَابٍ، وَلَا الْحُمُرُ الْأَهْلِيَّةُ

کھانے اور ہمارے گھروں میں داخل ہونے اور ہماری عورتوں کو مارنے کے لیے آئے ہیں؟ حضور ﷺ غصہ ہوئے، فرمایا: اے عبدالرحمٰن! اپنے گھوڑے پر سوار ہو اور لوگوں میں اعلان کرو کہ جنت میں صرف مؤمن ہی داخل ہوگا، نماز کے لیے جمع ہونے کا اعلان کرو۔ وہ جمع ہوئے تو حضور ﷺ نے نماز پڑھائی، فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ تمہارے لیے جائز نہیں ہے کہ تم اہلِ کتاب کے گھر داخل ہو مگر اجازت کے ساتھ، نہ ان کے اموال کھاؤ، نہ ان کی عورتوں کو مارو، جب تم دو تو خوش ہو کر دو۔ کیا وہ آدمی گمان کرتا ہے کہ اس نے پیٹ بھر کر کھایا ہے اور تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے وہ گمان کرتا ہے کہ حرام شی وہی ہیں جن کو اللہ نے قرآن میں حرام کیا ہے؟ خبردار! اللہ کی قسم! میں حرام بھی کرتا ہوں اور حکم بھی دیتا ہوں اور کئی اشیاء کی وضاحت بھی کرتا ہوں، قرآن کی طرح یا اس سے زیادہ، خبردار! تمہارے لیے ہر پھاڑنے والا درندہ اور پالتو گدھا جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ إِلَّا أَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ

یہ حدیث ارطاۃ بن منذر سے اشعث بن شعبہ روایت کرتے ہیں۔

7227 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْمُسْتَمْلِيُّ، ثَنَا أَبُو عَلِيٍّ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، ثَنَا زُفَرُ بْنُ الْهُذَيْلِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نماز کی طرف متوجہ تھا، آگے سے اس کی بیوی آئی، وہ اس کی طرف متوجہ ہوا، اس کو پکڑا اور اسے

7227- اسناده فيه: أ- محمد بن يزيد المستملي أبو بكر الأشل الطرسوسي: يسرق الحديث ويزيد فيه، ويضع . انظر: لسان الميزان جلد5صفحه429 . ب- ليث بن أبي سليم: صدوق اختلط أخيرًا . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه150 .

اَبِی سُلَیْمٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنْ اَبِی مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِیِّ، اَنَّ رَجُلًا اَقْبَلَ اِلَی الصَّلَاةِ، فَاسْتَقْبَلَتْهُ امْرَاَتُهُ، فَاَکَبَّ عَلَیْهَا، فَتَنَاوَلَهَا، فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَذَکَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَلَمْ یَنْهَهُ

حضورﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' اس کا ذکر کیا تو آپ نے اس کو منع نہیں کیا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ زُفَرٍ اِلَّا اَبُو عَلِیٍّ الْحَنَفِیُّ

یہ حدیث زفر سے ابوعلی الحنفی روایت کرتے ہیں۔

7228 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْجُنْدَیْسَابُورِیُّ، قَالَا: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْبَلْخِیُّ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِیسَی الزُّهْرِیُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَارُونَ، عَنْ زِیَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِی نَهِیكٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مِنَ السُّنَّةِ اِذَا جَلَسَ الرَّجُلُ اَنْ یَخْلَعَ نَعْلَیْهِ فَیَضَعَهُمَا بِجَنْبِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ سنت یہ ہے کہ آدمی جب بیٹھے تو اپنے جوتے اتارے' ان پر بیٹھے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ زِیَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَارُونَ الزَّبِیبِیُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَفْوَانُ بْنُ عِیسَی

یہ حدیث زیاد بن سعد سے عبداللہ بن ہارون الزبیبی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صفوان بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

7229 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْبَلْخِیُّ، ثَنَا اَیُّوبُ بْنُ سُوَیْدٍ الرَّمْلِیُّ، نَا عُتْبَةُ بْنُ اَبِی حَکِیمٍ، عَنْ اَبِی سُفْیَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ، حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: کَانَ النَّبِیُّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت عباس کو اونٹ دینے کا وعدہ کیا تھا' مجھے آپ کی طرف بھیجا' میں نے آپ کے پاس رات گزاری' اس رات آپ حضرت میمونہ کے پاس تھے'

7228- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4 صفحه 68 رقم الحديث: 4138' والطبرانی فی الکبیر جلد 12 صفحه 210 رقم الحديث: 12917 . وقال: وفی اسناده عبد الله بن هارون وهو مجهول .

7229- أصله عند البخاری ومسلم: أخرجه البخاری: العلم جلد 1 صفحه 256 رقم الحديث: 117' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 525' والطبرانی فی الکبیر جلد 11 صفحه 135 رقم الحديث: 11277 واللفظ له' وقال: هو فی الصحيح خلا قوله: وكانت ميمونة حائضًا . الخ . وفيه: أيوب بن سويد الرملی وهو صدوق يخطئ كما قال الحافظ . وعتبة بن أبی حكيم صدوق يخطئ كثيرًا فلا يقبل منهما هذه الزيادة .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَدَ الْعَبَّاسَ ذَوْدًا مِنْ اِبِلٍ، فَبَعَثَنِي اِلَيْهِ، فَبِتُّ عِنْدَهُ، وَكَانَتْ لَيْلَةَ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَنَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ كَثِيرٍ فَتَوَسَّدْتُ الْوِسَادَةَ الَّتِي تَوَسَّدَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَامَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ فَاَسْبَغَ الْوُضُوءَ ، واَقَلَّ هِرَاقَةَ الْمَاءِ ، ثُمَّ قَامَ فَافْتَتَحَ الصَّلَاةَ، وَقُمْتُ فَتَوَضَّاْتُ، فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَاَخْلَفَ بِيَدِهِ فَاَخَذَ بِاُذُنِي فَاَقَامَنِي عَنْ يَمِينِهِ، وَكَانَتْ مَيْمُونَةُ حَائِضًا، فَقَامَتْ فَتَوَضَّاَتْ، ثُمَّ قَعَدَتْ خَلْفَهُ تَذْكُرُ اللّٰهَ

حضورﷺ سو گئے' میں بھی اس تکیہ پر ٹیک لگا کر سو گیا' جس پر آپ تکیہ لگائے ہوئے تھے' پھر آپ کھڑے ہوئے' وضو کیا' مکمل وضو کیا' تھوڑا پانی بہایا' پھر آپ کھڑے ہوئے اور نماز شروع کی' میں بھی کھڑا ہوا اور وضو کیا' میں آپ کے بائیں جانب کھڑا ہوا' آپ نے پیچھے سے اپنا ہاتھ کیا اور میرا کان پکڑا اور مجھے دائیں جانب کھڑا کیا۔ حضرت میمونہ کو حیض آیا تھا' آپ بھی کھڑی ہوئیں اور وضو کیا' پھر آپ کے پیچھے بیٹھ گئیں اللہ کا ذکر کرنے کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِي حَكِيمٍ اِلَّا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ حدیث عتبہ بن ابوحکیم سے ایوب بن سوید روایت کرتے ہیں۔

7230 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ، ثَنَا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، ثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ الْخَطْمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُقْبَةَ بْنِ الْفَاكِهِ بْنِ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ جَدِّهِ الْفَاكِهِ بْنِ سَعْدٍ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَيَوْمَ الْفِطْرِ، وَيَوْمَ النَّحْرِ، وَيَوْمَ عَرَفَةَ

حضرت فاکہ بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جمعہ' عید الفطر اور عرفہ کے دنوں میں غسل کرتے تھے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْفَاكِهِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ اَبِي جعفرٍ الْخَطْمِيِّ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي

یہ حدیث فاکہ بن سعد سے ابوجعفر خطمی روایت کرتے ہیں۔ ابوجعفر سے یونس بن خالد اور عدی بن فضل

7230- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 417 رقم الحديث: 1316 . فی الزوائد: فی اسناده يوسف بن خالد . قال ابن معين: كذاب' خبيث' زنديق' وقال السندی: قلت: وكذبه غير واحد' وقال ابن حبان: كان يضع الحديث . وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 97 .

جَعْفَرٍ اِلَّا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ وَعَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ

روایت کرتے ہیں۔

7231 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ، ثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَطَّافٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، اَتَى الْحَجَرَ فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى جَنْبَتَيْهِ، ثُمَّ قَبَّلَ مَا بَيْنَهُمَا، ثُمَّ قَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ، وَاَنَّكَ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا اَنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ حجراسود کے پاس آئے' آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اس کی دونوں اطراف پر رکھے' پھر دونوں ہاتھوں کے درمیان بوسہ لیا' پھر فرمایا: اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں تُو پتھر ہے' تُو نفع اور نقصان کا مالک نہیں ہے' اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تیرا بوسہ لیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تیرا بوسہ نہ لیتا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ اِلَّا الْعَرْزَمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَشْعَثُ بْنُ عَطَّافٍ

یہ حدیث مسعود بن مخرمہ سے ابن ابی ملیکہ اور ابن ابی ملیکہ سے عرزمی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اشعث بن عطاف اکیلے ہیں۔

7232 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مِهْرَانَ الرَّازِيُّ، ثَنَا اَبُو مُطِيعٍ الْبَلْخِيُّ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي بِهِمَا جَمِيعًا: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا حج وعمرہ دونوں کا اکٹھا تلبیہ پڑھتے ہوئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَارِجَةَ اِلَّا اَبُو مُطِيعٍ

یہ حدیث خارجہ سے ابومطیع روایت کرتے ہیں۔

7231- أصله عند البخاری ومسلم من طريق الأعمش عن ابراهيم بن عباس بن ربيعة عن عمر رضى الله عنه فذكره .

أخرجه البخاری: الحج جلد3صفحه540 رقم الحديث:1597' ومسلم: الحج جلد2صفحه925 .

7232- أخرجه البخاری: المغازی جلد 7صفحه669 رقم الحديث: 4353-4354' ومسلم: الحج جلد2 صفحه905 ولفظه لمسلم .

7233 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مِهْرَانَ الرَّازِيُّ، ثَنَا اَبُو مُطِيعٍ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ الْاَسَدِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّهَا اِلَى اللّٰهِ، واَقْرَبُها مِنَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کون سے اعمال اللہ کو پسند اور اللہ کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہیں۔ آپ نے فرمایا: نماز وقت پر ادا کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ اِلَّا اَبُو مُطِيعٍ

یہ حدیث محمد بن قیس سے ابومطیع روایت کرتے ہیں۔

7234 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ قُرَّةَ الْمُقْرِءُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خِرَاشٍ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قُبِضَ، وَخَلْفَ اَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ حَتَّى قُبِضَا، فَمَا سَمِعْتُ اَحَدًا مِنْهُمْ جَهَرَ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1) فِي الصَّلَاةِ، وَكَانُوا يَفْتَتِحُونَ بِ الْحَمْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی' یہاں تک کہ آپ کا وصال ہوا' پھر حضرت ابوبکر و عمر کے ساتھ تادمِ آخر نماز پڑھی' ان میں سے کسی سے نہیں کوئی اونچی آواز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہوئے' یہ سب حضرات الحمدللہ سے شروع کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ اِلَّا الْعَوَّامُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خِرَاشٍ

یہ حدیث ابراہیم بن التیمی سے عوام روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن خراش اکیلے ہیں۔

7233- أخرجه البخاری: التوحيد جلد13صفحه519 رقم الحديث: 7534' ومسلم: الايمان جلد1صفحه89 .

7234- أخرجه البخاری: الأذان جلد2صفحه265 رقم الحديث: 743' ومسلم: الصلاة جلد 1صفحه299 ولفظه لمسلم .

7235 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَلْمِ بْنِ رُشَيْدِ بْنِ الْفَاخِرِ الْهُجَيْمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ قَيْسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ عَشْرًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مِائَةً، وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ مِائَةً كَتَبَ اللّٰهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ: بَرَاءَةً مِنَ النِّفَاقِ، وَبَرَاءَةً مِنَ النَّارِ، وَاسْكَنَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الشُّهَدَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں بھیجے گا' جس نے دس مرتبہ درود پڑھا اللہ عزوجل اس پر سو مرتبہ رحمتیں بھیجے گا' اللہ عزوجل اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دے گا: یہ منافقت سے بَری ہے اور جہنم سے بَری ہے' قیامت کے دن اس کا گھر شہید کے ساتھ بنائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ قَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَلْمٍ

یہ حدیث حمید سے عبدالعزیز بن قیس روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن سلم اکیلے ہیں۔

7236 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيَّامُ التَّشْرِيقِ أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى: فَأَنْكَرْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ هَذَا الْحَدِيثَ فَأَخْرَجَ إِلَيَّ كِتَابًا، فَقَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، صَاحِبُ الْبَصْرِيِّ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایامِ تشریق کھانے اور پینے کے دن ہیں۔محمد بن یحییٰ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے سامنے اس حدیث کا انکار کیا تو آپ نے میری طرف کتاب نکالی' فرمایا: مجھے عبداللہ بن وہب نے' انہوں نے سعید بن ابوعروبہ نے' انہوں نے قتادہ سے' انہوں نے عکرمہ سے' انہوں نے ابن عباس سے' انہوں نے حضرت عمر بن خطاب سے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایامِ تشریق کھانے اور پینے کے دن ہیں۔

7235- قال الحافظ الهيثمي: ابراهيم بن سالم بن سلم بن رشيد الهجيمي: لم أعرفه' وبقية رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه166 .

7236- اسناده حسن' فيه: عبد الله بن عمر بن يزيد الأصبهاني أخو رستة: صدوق . ولم يعرف الحافظ الهيثمي عبد الله بن عمر بن يزيد الأصبهاني . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه207 .

عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيَّامُ التَّشْرِيقِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث قتادہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر اکیلے ہیں۔

7237 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا زَوَّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِيٍّ قَالَ: اَعْطِهَا شَيْئًا قَالَ: لَيْسَ عِنْدِي قَالَ: وَاَيْنَ دِرْعُكَ الْحُطَمِيَّةُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے جب حضرت سیّدہ فاطمہ کی شادی حضرت علی سے کی تو آپ نے فرمایا: اس کو حق مہر کی کوئی شی دو! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرے پاس کوئی شی نہیں ہے آپ نے فرمایا: تمہاری حطمیہ زرہ کہاں ہے!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كُرَيْبٍ وَرَوَاهُ عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ اَيُّوبَ

یہ حدیث قتادہ سے سعید اور سعید سے عبداللہ بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو عبد بن سلیمان سعید سے وہ ایوب سے روایت کرتے ہیں۔

7238 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخِيَارِ عُمَّالِكُمْ وَشِرَارِهِمْ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: خِيَارُهُمْ خِيَارُهُمْ لَكُمْ، وَمَنْ تُحِبُّونَهُ وَيُحِبُّكُمْ، وَتَدْعُونَ اللّٰهَ لَهُ وَيَدْعُو اللّٰهَ لَكُمْ، وَشِرَارُهُمْ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو تمہارے اچھے حاکم اور بُرے حاکم کے متعلق نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: تمہارے لیے اچھے وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں تم اللہ سے ان کے لیے دعا کرو وہ اللہ سے تمہارے لیے دعا کریں تم میں بُرے وہ لوگ ہیں جن سے تم بغض رکھو

7237- أخرجه أبو داؤد: النكاح جلد2صفحه247 رقم الحديث: 2125' والنسائي: النكاح جلد6صفحه105 (باب تحلة الخلوة) .

7238- اسناده فيه: بكر بن يونس بن بكر الشيباني الكوفي: ضعيف . والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد7 صفحه293 رقم الحديث: 808 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه227 .

شِرَارُهُمْ لَكُمْ، مَنْ تُبْغِضُونَهُ وَيُبْغِضُكُمْ، وَتَدْعُونَ اللّٰهَ عَلَيْهِ وَيَدْعُو اللّٰهَ عَلَيْكُمْ فَقَالُوا: اَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، دَعُوهُمْ مَا صَلُّوا، وَصَامُوا

تم ان سے بغض رکھو، تم ان سے بغض رکھو اور وہ تم سے بغض رکھیں، تم اللہ سے ان کے لیے بدعائیں کرو اور وہ اللہ سے تمہارے لیے بددعائیں کریں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم ان سے نہ لڑیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! ان کو چھوڑ دو! جب تک وہ تم میں نمازیں پڑھتے رہیں اور روزہ رکھتے رہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا بَكْرُ بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كُرَيْبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث موسیٰ بن علی سے بکر بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔ حضرت عقبہ بن عامر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

7239 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِينَارٍ، نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا ابْنُ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَسُبُّ اَبَا بَكْرٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ سَاكِتٌ، فَلَمَّا سَكَتَ الرَّجُلُ رَدَّ اَبُو بَكْرٍ كَلِمَةً، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاتَّبَعَهُ اَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَسُبُّنِي وَاَنْتَ قَاعِدٌ، فَلَمَّا رَدَدْتُ، اَوِ انْتَصَرْتُ، اَوْ نَحْوَ هٰذَا، قُمْتَ؟ قَالَ: اِنَّهُ كَانَ مَلَكٌ يَرُدُّ عَلَيْهِ، وَيَقُولُ: كَذَبْتَ، فَلَمَّا تَكَلَّمْتَ وَقَعَ الشَّيْطَانُ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَجْلِسَ ثَلَاثٌ يَا اَبَا بَكْرٍ كُلُّهُنَّ حَقٌّ: لَيْسَ عَبْدٌ يُظْلَمُ بِمَظْلَمَةٍ فَيُغْضِي ابْتِغَاءَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کی موجودگی میں گالیاں دے رہا تھا، حضرت ابوبکر اس کا جواب دینے سے خاموش تھے، جب وہ آدمی خاموش ہوا تو حضرت ابوبکر نے ایک بات سے اس کا جواب دیا، حضور ﷺ کھڑے ہوئے، حضرت ابوبکر آپ کے پیچھے چل پڑے، عرض کی: یارسول اللہ! (جب) مجھے گالی دی جا رہی تھی تو آپ تشریف فرما رہے، جب میں نے جواب دیا تو اس طرح کا کوئی کلمہ کہا۔ آپ کھڑے ہو گئے، آپ نے فرمایا: ایک فرشتہ تمہاری طرف سے جواب دے رہا تھا اور کہہ رہا تھا: تُو جھوٹا ہے، جب تُو نے جواب دیا تو شیطان آ گیا، میں نے پھر وہاں بیٹھنا ناپسند کیا، تین مرتبہ فرمایا:

7239- اسناده فيه: ابن جدعان: ضعيف . والحديث أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد 3 صفحه 1125، والحاكم جلد 2 صفحه 518 . وقال: صحيح الاسناد . وانظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 192 .

وَجْـهِ اللّٰهِ، اِلَّا اَعَزَّ اللّٰهُ بِهَا نُصْرَةً، وَلَيْسَ عَبْدٌ يَفْتَحُ بَـابَ عَـطِيَّةٍ، يَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ، اَوْ صِلَةً اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَـا كَثْرَـةً، وَلَيْسَ عَبْدٌ يَفْتَحُ بَابَ مَسْاَلَةٍ يَبْتَغِي بِهَا كَثْرَةً، اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَا قِلَّةً

اے ابوبکر! یہ حق ہے' جس بندہ پر ظلم کیا جائے وہ برداشت کرے' اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیۓ اللہ عزوجل اپنی جانب سے اس کی مدد کرتا ہے' جس بندے کو اللہ عزوجل دعا کرنے کی توفیق دیدے یا صلہ رحمی کی' اللہ عزوجل اس کو اور زیادہ دیتا ہے' جو بندہ اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے' مال زیادہ کرنے کے لیے تو اللہ عزوجل اس کی غربت میں اضافہ کرتا ہے۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَـدِيـثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا سُفْيَـانُ بْـنُ عُيَيْـنَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا حُسَيْنٌ الْـجُـعْـفِـيُّ، تفَرَّدَ بِهِ: الْقَاسِمُ بْنُ دِينَارٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَـنْ سُـفْيَـانَ بْـنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، فَاِنْ كَانَ حُسَيْنُ الْجُعْفِيُّ حَفِظَهُ، فَهُوَ غَرِيبٌ مِنْ حَدِيثِ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ

یہ حدیث حضرت علی بن زید سے سفیان بن عیینہ اور سفیان سے حسین الجعفی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں قاسم بن دینار اکیلے ہیں۔ لوگوں نے اس حدیث کو سفیان بن عیینہ سے' وہ ابن عجلان' وہ سعید مقبری سے' وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے۔ اگرچہ حسین الجعفی حافظ ہیں لیکن علی بن زید کی حدیث جو ابن میتب کے حوالہ سے روایت کی جاتی ہے' اس میں غریب ہیں۔

7240 - حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، نَا يَحْيَى بْـنُ مُـحَـمَّـدِ بْـنِ السَّـكَـنِ، نَا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثَنَا عَـرْعَـرَـةُ بْـنُ الْبِرِنْدِ، نَا الْمُثَنَّى اَبُو حَاتِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَـنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ: تَهَادَوْا تَـحَابُّوا، وَهَاجِرُوا تُوَرِّثُوا اَوْلَادَكُمْ مَجْدًا، وَاَقِيلُوا الْكِرَامَ عَثَرَاتِهِمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تحفے دیا کرو' محبت بڑھے گی' ہجرت کرو کہ تمہاری اولاد میں بزرگی ہوگی۔

7240- اسناده فيه: المثنى بن بكر أبو حاتم العبدى . انظر: لسان الميزان جلد 5 صفحه 14 ولم يعرف الحافظ الهيثمى المثنى بن بكر . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 149 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الْعَيْزَارِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُثَنَّى أَبُو حَاتِمٍ

یہ حدیث قاسم سے عبید اللہ بن عیزار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مثنیٰ ابو حاتم اکیلے ہیں۔

7241 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، نَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ الْفَضْلِ الْقُرَشِيُّ، نَا عُمَرُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ الْعَتَكِيُّ، عَنْ أَبِي غَالِبٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللَّهُ الْعَقْلَ قَالَ لَهُ: أَقْبِلْ، فَأَقْبَلَ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: أَدْبِرْ، فَأَدْبَرَ، فَقَالَ: وَعِزَّتِي مَا خَلَقْتُ خَلْقًا أَعْجَبَ إِلَيَّ مِنْكَ، بِكَ آخُذُ، وَبِكَ أُعْطِي، وَبِكَ الثَّوَابُ، وَعَلَيْكَ الْعِقَابُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ نے عقل کو پیدا کیا تو فرمایا: آؤ! وہ آئی' پھر اس کو فرمایا: واپس جاؤ! وہ واپس کی گئی' اللہ عزوجل نے فرمایا: میری عزت کی قسم! میں نے تجھ سے زیادہ پسندیدہ مخلوق نہیں بنائی' تیرے ذریعے پکڑوں گا' تیرے ذریعے دوں گا' تیرے ذریعے ثواب و عذاب دوں گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو هَمَّامٍ

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابوہمام اکیلے ہیں۔

7242 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، نَا خَلَّادُ بْنُ يَزِيدَ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّفَرَ الَّذِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِنُّ نَصِيبِينَ، أَتَوْهُ وَهُوَ بِنَخْلَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ گروہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' ان کو دو حصے دیئے کھجور کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا زُهَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو كُرَيْبٍ، عَنْ خَلَّادٍ

یہ حدیث جابر سے زہیر روایت کرتے ہیں۔ ابوکریب' خلاد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

7243 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا أَبُو

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور

7241- اسناده فيه: أ- سعيد بن الفضل القرشي: ضعيف . ب- عمر بن أبي صالح العتكي: مجهول منكر الحديث . انظر: لسان الميزان جلد4صفحه314' والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد 8صفحه339 رقم الحديث: 8086 . وانظر: مجمع الزوائد (3118) .

7242- اسناده فيه: جابر هو ابن زيد الجعفي: ضعيف رافضي . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه109 .

7243- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه244 رقم الحديث: 937' وأحمد: المسند جلد6صفحه15

كُرَيْبٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، نَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ بِلَالٍ، اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْبِقْنِي بِآمِينَ

ﷺ نے فرمایا: آپ مجھ سے پہلے امین نہ کہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كُرَيْبٍ

یہ حدیث قاسم سے عثمان بن سعید روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

7244 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، نَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبِي يَزِيدَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَيَّرَ اَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتَّى يَعْمَلَهُ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کو عار دلائی گناہ کی تو وہ مرنے سے پہلے وہ گناہ کرے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ

یہ حدیث معا سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں احمد بن منیع اکیلے ہیں۔

7245 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا صَالِحُ بْنُ قَطَنٍ الْبُخَارِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: رَاَيْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، صَلَّى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكَعَاتٍ، فَقُلْتُ: يَا اَبَهْ، مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: رَاَيْتُ حَبِيبِي

حضرت محمد بن عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو نمازِ مغرب کے بعد چھ رکعت نفل پڑھتے ہوئے دیکھا' میں نے عرض کی: اے ابوجان! یہ کیا نماز ہے؟ فرمایا: میں نے اپنے دوست رسول اللہ ﷺ کو مغرب کے بعد چھ رکعت پڑھتے

رقم الحديث: 23940 .

7244- أخرجه الترمذي: القيامة جلد4صفحه661 رقم الحديث: 2505 . وقال: حديث غريب وليس اسناده بمتصل وخالد بن معدان لم يدرك معاذ بن جبل' وروى عن خالد بن معدان أنه أدرك سبعين من أصحاب النبي ﷺ . وانظر: الترغيب للمنذري جلد3صفحه310 رقم الحديث: 20 .

7245- اسناده فيه: صالح بن قطن: مجهول . انظر: لسان الميزان جلد 3صفحه175 والحديث أخرجه الطبراني في الصغير جلد2صفحه48 . وعزاه الحافظ الهيثمي للكبير' وقال: تفرد به صالح بن قطن البخاري قال: ولم أجد من ترجمه . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه233 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكَعَاتٍ، وَقَالَ: مَنْ صَلَّى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكَعَاتٍ غُفِرَتْ لَهُ ذُنُوبُهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

ہوئے دیکھا اور آپ نے فرمایا: جس نے چھ رکعت مغرب کے بعد پڑھیں' اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جگہ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحُ بْنُ قَطَنٍ

یہ حدیث عمار سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں صالح بن قطن اکیلے ہیں۔

7246 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثنا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، نا مُوسَى بْنُ عَطِيَّةَ الْبَاهِلِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ الْجُمُعَةَ فِي مَقَامِي هَذَا، فِي سَاعَتِي هَذِهِ، فِي يَوْمِي هَذَا، فِي شَهْرِي هَذَا، فِي عَامِي هَذَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، مَنْ تَرَكَهَا مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ مَعَ إِمَامٍ عَادِلٍ أَوْ إِمَامٍ جَائِرٍ فَلَا جُمِعَ لَهُ شَمْلُهُ وَلَا بُورِكَ لَهُ فِي أَمْرِهِ، أَلَا وَلَا صَلَاةَ لَهُ، أَلَا وَلَا حَجَّ لَهُ، أَلَا وَلَا بِرَّ لَهُ، أَلَا وَلَا صَدَقَةَ لَهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایک دن خطبہ دیا' فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہیں اس مقام میں اس وقت' اس دن' اس ماہ' اس سال جمعہ فرض کیا قیامت کے دن تک' جس نے بغیر عذر کے عادل بادشاہ یا ظالم بادشاہ کا ساتھ چھوڑا' اس کے کام' اس کی نماز' حج' نیکی اور صدقہ میں برکت نہیں دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطِيَّةَ إِلَّا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، وَلَا عَنْ فُضَيْلٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ وَرَوَاهُ أَسَدُ بْنُ مُوسَى، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ

یہ حدیث عطیہ سے فضیل بن مرزوق اور فضیل سے موسیٰ بن عطیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن حبیب بن عربی اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو اسد بن موسیٰ اور عبداللہ بن صالح عجلی' فضیل بن مرزوق سے' وہ ولید بن بکیر سے' وہ عبداللہ بن محمد العدوی سے' وہ علی بن زید سے' وہ سعید بن میسّب سے' وہ جابر سے' وہ

7246- اسناده فيه: عطية هو ابن سعد العوفي: صدوق يخطئ كثيرًا ويدلس' وقد عنعنه ـ ولم يعرف الحافظ الهيثمي: موسٰى بن عطية الباهلي ـ انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه172 ـ

الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

7247 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، نَا اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ ذَكْوَانَ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا اَبُو هَمَّامٍ الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَارَكِيُّ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ نُبَيْشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ فِي تُهْمَةٍ

حضرت نبیشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ان کو ایک تہمت میں قید کروایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ نُبَيْشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث حضرت نبیشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن زید اکیلے ہیں۔

7248 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنِي اَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ، ابْنُ اَخِي هِلَالٍ اليای، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَطَّارُ، نَا نَاصِحٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: كَانَ اسْمِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ عَبْدَ كُلَالٍ، فَسَمَّانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا نام جاہلیت میں عبد کلال تھا' حضور ﷺ نے میرا نام عبدالرحمٰن رکھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنُ اَخِي هِلَالٍ

یہ حدیث حصرت عمار بن ابو عمار' حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابو عبید بن ہلال اکیلے ہیں۔

7249 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کا خیال کرنا' پھر ان کا جوان سے ملیں' پھر اُن کا جوان سے ملنے والوں سے ملیں'

7247- قال الحافظ الهيثمي: فيه من لم أعرفه . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه206 .

7248- اسناده فيه: ناصح أبو العلاء بن العلاء البصري: لين الحديث . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه58 .

7249- اسناده فيه: ابراهيم بن عبد الله بن خالد المصيصي: متروك . انظر: لسان الميزان جلد 1صفحه71 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه228 .

عَنِ ابْنِ اَبِی نَجِیحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْفَظُونِی فِی اَصْحَابِی، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَظْهَرُ الْكَذِبُ حَتّٰى يَشْهَدَ الرَّجُلُ قَبْلَ اَنْ يُسْتَشْهَدَ وَحَتّٰى يَحْلِفَ قَبْلَ اَنْ يُسْتَحْلَفَ، وَيَبْذُلَ نَفْسَهُ بِخُطَبِ الزُّورِ، فَمَنْ سَرَّهُ بَحْبُوحَةُ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَاِنَّ يَدَ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، وَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، وَلَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ، فَاِنَّ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ، وَمَنْ سَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ وَسَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

پھر اس کے بعد جھوٹ ظاہر ہوگا یہاں تک کہ آدمی گواہی مانگنے سے پہلے گواہی دے گا، قسم مانگنے سے پہلے قسم دے گا، اپنے آپ کو جھوٹی قسمیں اُٹھانے پر مجبور کرے گا، جس کو جنت میں داخل ہونا پسند ہو تو وہ جماعت کو پکڑے کیونکہ اللہ کی رحمت جماعت پر ہوتی ہے، شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے، دو سے دُور ہوتا ہے، کوئی مرد کسی اجنبی عورت سے تنہائی میں نہ بیٹھے اگر ایسا ہوا تو تیسرا شیطان ہوگا، جس کو اس کا گناہ پریشان کرے اور نیکی خوش کرے تو وہ مؤمن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِی نَجِيحٍ اِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابن ابونجیح سے ابن جریج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حجاج بن محمد اکیلے ہیں۔

7250 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِیُّ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَاكِرُوا طَلَبَ الرِّزْقِ وَالْحَوَائِجِ، فَاِنَّ الْغُدُوَّ بَرَكَةٌ وَنَجَاحٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صبح رزق کو اور اپنی ضروریات کو تلاش کرو کیونکہ صبح کے کام میں برکت اور نجات ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث ہشام سے اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

7251 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ

حضرت عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ سے روایت

7250- اسناده فيه: اسماعيل بن قيس بن سعد بن زيد بن ثابت: متروك . والحديث أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد 1 صفحه 297 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 64 .

7251- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد 5 صفحه 345، والبزار جلد 1 صفحه 238 كشف الأستار . وقال الحافظ الهيثمى: رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 112-113 .

بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ هُرْمُزٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُحَيْنَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِأَصْحَابِهِ، فَقَالَ: هَلْ قَرَأَ أَحَدٌ مِنْكُمْ آنِفًا فِي الصَّلَاةِ؟ قَالُوا: نَعَمْ قَالَ: إِنِّي أَقُولُ: لَا أُنَازَعُ الْقُرْآنَ وَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَاءَةِ مَعَهُ حِينَ قَالَ ذَلِكَ

ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ کو نماز پڑھائی‘ فرمایا: کیا تم میں ابھی کوئی نماز میں قرأت کر رہا تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: میں نے کہا کہ مجھ سے قرآن میں کون جھگڑ رہا ہے‘ اس وقت جس وقت آپ نے فرمایا: لوگ آپ کے ساتھ قرأت کرنے سے رُک گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنِ ابْنِ بُحَيْنَةَ إِلَّا ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ أُكَيْمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

یہ حدیث زہری‘ اعرج سے‘ وہ ابن بحینہ سے اور زہری سے زہری کے بھائی کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔ لوگوں نے اس حدیث کو زہری سے‘ وہ ابن اکیمہ سے‘ وہ ابوہریرہ سے۔

7252 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي عَبْلَةَ، عَنِ ابْنِ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بُدَيْلًا أَنْ يَحْبِسَ السَّبَايَا وَالْأَمْوَالَ بِالْجِعِرَّانَةِ حَتَّى يَقْدَمَ عَلَيْهِ فَحُبِسَتْ

حضرت ابن بدیل بن ورقاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بدیل کو حکم دیا قیدیوں اور اموال جعرانہ کے مقام پر روکنے کا‘ یہاں تک کہ (میں) ان کے پاس آؤں‘ انہیں روک لیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ

یہ حدیث ابراہیم بن ابوعیلہ سے محمد بن اسحاق

7252- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 2 صفحه 16‘ والبزار جلد 2 صفحه 353 كشف الأستار . وقال الحافظ الهيثمي: ولم يسم ابن بديل‘ وبقية رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 189 . قلت: ابن بديل بن ورقاء أما عبد الله فهو صحابي . انظر: التقريب (3221) . وأما سلمة فسكت عنه ابن أبي حاتم . انظر: الجرح والتعديل جلد 4 صفحه 157

إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ

روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سعید الاموی اکیلے ہیں۔

7253 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَذِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَرْمٍ، عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزَّمِنِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: أَوَّلُ صَلَاةٍ رَكَعْنَا فِيهَا الْعَصْرُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا هَذَا؟ قَالَ: بِهَذَا أُمِرْتُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلی نماز جس میں ہم نے رکوع کیا' وہ عصر کی نماز تھی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کا مجھے حکم دیا گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابو جحاف سے سلیمان بن قرم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن محمد اکیلے ہیں۔

7254 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، وَسَالِمٍ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ تَطَوُّعًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نفلی نماز سواری پر پڑھتے تھے جس طرف اس کا منہ ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْعَلَاءِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ

یہ حدیث قاسم سے عبداللہ بن علاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شباب بن سوار اکیلے ہیں۔

7255 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

7253- اسناده فيه: أ- سليمان بن قرم بن معاذ أبو داؤد البصرى: ضعيف . انظر: الميزان جلد 2 صفحه 219 . ب- أبو عبد الرحيم الزمن: مجهول . والحديث أخرجه البزار جلد 1 صفحه 172 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد 11 صفحه 296 .

7254- أخرجه البخارى: الوتر جلد 2 صفحه 567 رقم الحديث: 1000' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 486 .

7255- اسناده فيه: سعيد بن محمد الوراق: ضعيف . والحديث أخرجه الطبرانى فى الكبير جلد 3 صفحه 95 . وحسن الحافظ الهيثمى اسناده . انظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 98-99 .

إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ، نَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، نَا أَبُو الْمُغِيرَةِ الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنِي فُلْفُلَةُ الْجُعْفِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، يَقُولُ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ مُتَعَلِّقًا بِالْعَرْشِ، وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ آخِذًا بِحَقْوَي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَأَيْتُ عُمَرَ آخِذًا بِحَقْوَي أَبِي بَكْرٍ، وَرَأَيْتُ عُثْمَانَ آخِذًا بِحَقْوَي عُمَرَ، وَرَأَيْتُ الدَّمَ يَنْصَبُّ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ فَحَدَّثَ الْحَسَنُ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَعِنْدَهُ قَوْمٌ مِنَ الشِّيعَةِ، فَقَالُوا: وَمَا رَأَيْتَ عَلِيًّا؟ فَقَالَ الْحَسَنُ: مَا كَانَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَرَاهُ آخِذًا بِحَقْوَي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَلِيٍّ، وَلَكِنَّهَا رُؤْيَا رَأَيْتُهَا فَقَالَ أَبُو مَسْعُودٍ: فَإِنَّكُمْ تُحَدِّثُونَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ فِي رُؤْيَا رَآهَا، وَقَدْ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَأَصَابَ النَّاسَ جَهْدٌ حَتَّى رَأَيْتُ الْكَآبَةَ فِي وُجُوهِ الْمُسْلِمِينَ وَالْفَرَحَ فِي وُجُوهِ الْمُنَافِقِينَ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَاللّٰهِ لَا تَغِيبُ الشَّمْسُ حَتَّى يَأْتِيَكُمُ اللّٰهُ بِرِزْقٍ ، فَعَلِمَ عُثْمَانُ أَنَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ سَيَصْدُقَانِ، فَاشْتَرَى عُثْمَانُ أَرْبَعَةَ عَشَرَ رَاحِلَةً بِمَا عَلَيْهَا مِنَ الطَّعَامِ فَوَجَّهَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا بِتِسْعَةٍ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا هَذَا؟ قَالُوا: أَهْدَى إِلَيْكَ عُثْمَانُ، فَعُرِفَ الْفَرَحُ فِي وُجُوهِ الْمُسْلِمِينَ وَالْكَآبَةُ

میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا' آپ عرش کے پاس ہیں' میں نے حضرت ابوبکر کو دیکھا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھے پکڑے ہوئے ہیں اور میں نے حضرت عمر بن خطاب کو دیکھا کہ آپ ابوبکر کے کندھوں کو پکڑے ہوئے ہیں اور میں نے حضرت عثمان بن عفان کو دیکھا کہ آپ حضرت عمر کے کندھوں کو پکڑے ہوئے ہیں۔ میں نے خون کو دیکھا جو آسمان سے زمین کی طرف ٹپک رہا ہے۔ حضرت امام حسن نے یہ حدیث بیان کی تو آپ کے پاس شیعہ کی ایک قوم تھی' انہوں نے کہا: آپ نے حضرت علی کو نہیں دیکھا؟ حضرت امام حسن نے فرمایا: میں بھی پسند کرتا ہوں کہ حضرت علی کو دیکھوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھے کو پکڑے ہوئے' لیکن خواب میں نے ایسے ہی دیکھی ہے۔ حضرت ابومسعود فرماتے ہیں کہ تم تو اس خواب کو حضرت امام حسن بن علی کی بیان کرتے ہو جو آپ نے دیکھی ہے' ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک جنگ میں تھے کہ صحابہ کرام کو سخت بھوک لگی' پریشانی مسلمانوں کے چہروں پر تھی اور خوشی منافقوں کے چہرے پر۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دیکھا تو آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! سورج غروب نہیں ہوگا یہاں تک کہ اللہ عزوجل رزق بھیجے گا' حضرت عثمان کو معلوم ہوا کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچ کہتے ہیں۔ حضرت عثمان نے چودہ سواریاں خریدیں بمع سامان کے۔ ان میں سے نو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بھیج دیں۔ آپ نے فرمایا: یہ کس نے بھیجی ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: حضرت عثمان نے

فِی وُجُوهِ الْمُنَافِقِینَ، فَرَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَفَعَ یَدَیْهِ حَتّٰی رُئِیَ بَیَاضُ اِبْطَیْهِ یَدْعُو لِعُثْمَانَ دُعَاءً مَا سَمِعْتُهُ دَعَا لِاَحَدٍ قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ بِمِثْلِهِ: اللّٰهُمَّ اَعْطِ عُثْمَانَ، اللّٰهُمَّ افْعَلْ لِعُثْمَانَ

آپ کو تحفہ بھیجا ہے' مسلمانوں کے چہروں پر خوشی آئی اور منافقوں کے چہروں پر غمی آئی' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے دونوں دست مبارک اُٹھائے یہاں تک کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دی' آپ نے حضرت عثمان کے لیے ایسی دعا کی کہ میں نے ایسی دعا اس سے پہلے اور بعد میں نہیں سنی۔ آپ نے دعا کی: اے اللہ! عثمان کو عطا کر! اے اللہ! درگزر کر جو عثمان سے ہوا ہے!

لَا یُرْوَی هٰذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِیِّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهٖ: سَعِیدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ

یہ حدیث ابومسعود الانصاری سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن محمد الوراق اکیلے ہیں۔

7256 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ سَعِیدٍ الْجَوْهَرِیُّ، نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیدٍ الْاُمَوِیُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قَیْسٍ الْاَسَدِیُّ، عَنْ اَبِی عَوْنٍ الثَّقَفِیِّ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَتْ بَنُو فُلَانٍ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَسْلَمْنَا وَفَعَلْنَا وَلَمْ نُقَاتِلْكَ وَقَدْ قَاتَلَتْكَ الْعَرَبُ، فَالْتَفَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی اَبِی بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَقَالَ: اَتَقُولَانِ هٰكَذَا؟ فَقَالَا: لَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِقْهَهُمْ قَلِیلٌ، وَاِنَّ الشَّیْطَانَ تَقَوَّلَ عَلَی اَلْسِنَتِهِمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بنوفلان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اسلام لائے' ہم نے ایسے کیا' ہم نے جہاد نہیں کیا' آپ عرب والوں سے لڑے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکر و عمر کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: کیا تم دونوں ایسے ہی کہتے ہو؟ دونوں نے عرض کی: نہیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان میں سمجھ دار کم ہیں' شیطان ان کی زبان پر بولتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی عَوْنٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ قَیْسٍ، تَفَرَّدَ بِهٖ: یَحْیَی بْنُ سَعِیدٍ الْاُمَوِیُّ

یہ حدیث ابوعون سے محمد بن قیس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سعید اکیلے ہیں۔

7257 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثَنَا اَبُو الْجَوَّابِ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ حُذَيْفَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: بُعِثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى جَزِيرَةِ الْعَرَبِ فَمَلَاهَا قِسْطًا وَعَدْلًا ثُمَّ طَعَنَ بِهِمْ اَبُو بَكْرٍ، فَطَعَنَ بِهِمْ طَعْنَةً رَغِيبَةً ثُمَّ طَعَنَ بِهِمْ عُمَرُ، فَطَعَنَ بِهِمْ طَعْنَةً رَغِيبَةً

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جزیرۂ عرب کی طرف بھیجا' اس کو عدل و انصاف سے بھر دیا۔ پھر حضرت ابوبکر نے نظام چلایا' سو بہت اچھا چلایا' پھر حضرت عمر نے نظام چلایا' آپ نے بھی اچھا نظام چلایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ اِلَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ

یہ حدیث سعید بن مسروق سے عبدالجبار بن عباس روایت کرتے ہیں۔

7258 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرُّوذِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَرْمٍ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ عَقْرَبَ بِنْتِ اَفْعَى، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُمْلِي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام' نبی کریم ﷺ کو قرآن کی املاء کرواتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث عمار الدہنی سے عبدالجبار اور عبدالجبار سے سلیمان بن قرم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن محمد اکیلے ہیں۔

7257- اسناده حسن' فيه: أ- عبد الجبار بن العباس' الشامي: صدوق . ب - سعد بن حذيفة بن اليمان ذكره ابن حبان في الثقات . وسكت عنه البخاري' وابن أبي حاتم . انظر: الثقات جلد 4 صفحه 294' التاريخ الكبير جلد 4 صفحه 54 . الجرح والتعديل جلد 4 صفحه 81 . ولم يعرف للحافظ الهيثمي سعد بن حذيفة . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 183 .

7258- اسناده فيه: سليمان بن قرم: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 160 .

7259 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَيْتٍ فِيهِ فَاطِمَةُ وَعَلِيٌّ وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ، فَقَالَ: اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ و علی و حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے گھر کے پاس سے گزرے، فرمایا: میں ان سے لڑوں گا جو تم سے لڑے گا' ان کو سلامت رکھوں گا جو تم کو سلامت رکھے گا۔

